Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
ملتان اسلام آباد
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی
جلد 14 | جمعرات 05 دسمبر 2024ء 02 جمادی الثانی 1446ھ قیمت 15 روپے | شمارہ 85

پی ٹی آئی کی تاریخ ہے ان کا کوئی احتجاج یا ریلی پرامن نہیں رہی، اسحاق ڈار

ماضی میں بھی اسی جماعت نے انتخابات میں دھاندلی کے الزام پر احتجاج کیا' 35 پنکچر کا بیانیہ بنایا تاہم کمیشن نے دھاندلی کے دعوے جھوٹے قرار دیے' پی ٹی آئی قیادت نے معاہدے کے مطابق غلط الزام کی معافی نہیں مانگی

24 نومبر کو غیر ملکی وفد پاکستان کے دورے پر تھا اور ایسے موقع پر ایک جماعت نے حیران کن طور پر احتجاج کا اعلان کیا' قانون کے مطابق ریڈ زون میں کوئی احتجاج نہیں کیا جاسکتا، نائب وزیراعظم کی غیر ملکی سفراء کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی تاریخ ہے ان کا کوئی احتجاج یا ریلی پرامن نہیں رہی ، قانون کے مطابق ریڈ زون میں کوئی احتجاج نہیں کیا جاسکتا۔ ملکی سفرا سے گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا کہ 24 نومبر کو غیر ملکی وفد پاکستان کے دورے پر تھا اور ایسے موقع پر ایک جماعت نے حیران کن طور پر احتجاج کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی اسی جماعت نے انتخابات میں دھاندلی کے الزام پر احتجاج کیا اور 35 پنکچر کا بیانیہ بنایا تاہم کمیشن نے دھاندلی کے دعوے جھوٹے قرار دیے تاہم پی ٹی آئی قیادت نے معاہدے کے مطابق غلط الزام کی معافی نہیں مانگی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں کسی بھی احتجاج کے لیے مقامات کا تعین کیا گیا ہے، حکومت نے پاکستان تحریک (بقیہ نمبر 1)

پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ چیلنج' وزارت پٹرولیم اور اوگرا سے جواب طلب

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا نیا طوفان آئے گا، کالعدم قرار دینے کی استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف درخواست پر وزارت پٹرولیم اور اوگرا سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف کیس پر سماعت کی، درخواست گزار شہری منیر احمد کے وکیل اظہر صدیق نے دلائل دیئے۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل اظہر (بقیہ نمبر 2)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہیلتھ سسٹم میں بنیادی اصلاحات کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

معاشی استحکام کی بنیاد کو مضبوط کرنا ہے، وزیر خزانہ

معیشت ترقی کی راہ پر گامزن، اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لیکر جانا ہے' کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی آئی ہے، ملک میں مہنگائی کی شرح 78 ماہ کی کم ترین سطح پر آگئی، اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لے کر جانا ہے' سینیٹر اورنگزیب

آئی ایم ایف پروگرام پر عمل درآمد کیلئے پرعزم' شعبہ تعمیرات کا معیشت میں نمایاں کردار' پچھلے 12 سے 14 ماہ میں ہم نے مثبت اور قابل ذکر کارکردگی دکھائی جس سے ملکی آمدنی میں ہر ماہ اضافہ ہو رہا ہے' تقریب سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملکی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی آئی ہے، ملک میں مہنگائی کی شرح 78 ماہ کی کم ترین سطح پر آگئی، اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لے کر جانا ہے۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 6)

لاہور، وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری سے صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ ملاقات کر رہے ہیں

شبلی فراز بھی جوڈیشل کمیشن سے مستعفی، سینیٹر علی ظفر نمائندگی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے بعد سینیٹ میں قائد حزب اختلاف شبلی فراز (بقیہ نمبر 7)

قاسم سوری نوٹس سے پہلے لیگل ٹیم سے بات کیا کریں' وکیل عمران خان

اسلام آباد میں ہلاکتوں سے متعلق بیرسٹر گوہر نے ان لوگوں کی بات کی جن کے کوائف موجود ہیں' انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ قاسم سوری جیسے لوگ نوٹس کرنے سے پہلے علیمہ بی بی یا لیگل ٹیم سے بات کرلیا کریں۔ ایک نجی ٹی وی پروگرام میں بات کرتے ہوئے فیصل چوہدری نے کہا کہ باقی باتوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے، قاسم (بقیہ نمبر 8)

مضبوط، شفاف اور منصفانہ مالیاتی نظام کا قیام وژن ہے، مریم نواز شریف

پنجاب بینک میں جدید اصلاحات متعارف کرا رہے ہیں، بینک معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں' وزیراعلیٰ

بینک مالیاتی استحکام، تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں' بینکوں کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ مضبوط، شفاف اور منصفانہ مالیاتی نظام کا قیام وژن ہے۔ انہوں نے بینکوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ مالیاتی تنظیموں، ماہرین اور معاشی ترقی کے ہر سٹیک ہولڈر کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، صوبے کی ترقی کے لئے (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم شہباز شریف 2 روزہ دورہ سعودی عرب مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

ریاض/اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اپنا 2 روزہ دورہ سعودی عرب مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے۔ بدھ کو پی ایم (بقیہ نمبر 5)

دہشتگرد کا کراچی ایئرپورٹ پر خودکش دھماکے و منصوبہ بندی کا اعتراف

کمانڈر کالعدم تنظیم ماسٹر مائنڈ بشیر بلوچ اور عبدالرحمٰن نے فنڈنگ اور منصوبہ بندی کی، رپورٹ

کراچی (این این آئی) کراچی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے جناح انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے قریب چینی شہریوں کے قافلے پر خودکش دھماکے کا ایک اور مقدمہ درج کرلیا۔ سی ٹی ڈی نے دوسرے مقدمے میں مالی معاونت اور منصوبہ بندی کی ابتدائی رپورٹ عدالت میں (بقیہ نمبر 4)

پاکستان اور روس کے مابین دوطرفہ تجارت سمیت 8 معاہدوں پر دستخط

کامسیٹس اور پشاور یونیورسٹی کے روسی تعلیمی اداروں کے ساتھ معاہدے ہوئے جبکہ انسولین کی تیاری کے حوالے سے بھی دونوں ممالک کے درمیان معاہدہ ہوا

دونوں ممالک کے درمیان صنعتی شعبے میں تعاون جبکہ تجارتی و معاشی تعاون کے فروغ کا معاہدہ بھی طے پا گیا' روس سے تیل نہیں منگوایا گیا' وفاقی وزیر مصدق ملک

اسلام آباد: ماسکو میں پاکستان اور روس کے مابین دوطرفہ تجارت سمیت 8 معاہدوں پر دستخط کر دیے گئے۔ پاکستان اور روس کے درمیان 9ویں بین الحکومتی کمیشن کا اجلاس ماسکو میں ہوا جس میں وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد لغاری وفد کے ہمراہ شریک ہوئے۔ دونوں ممالک کے درمیان صنعتی شعبے میں تعاون جبکہ تجارتی و معاشی تعاون کے فروغ کا معاہدہ طے پا گیا۔ کامسیٹس اور پشاور یونیورسٹی کے روسی تعلیمی اداروں کے ساتھ معاہدے ہوئے جبکہ انسولین کی تیاری کے حوالے سے بھی دونوں ممالک کے درمیان معاہدہ ہوا۔ نیشنل ووکیشنل ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ کمیشن نے روسی یونیورسٹی کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کیے۔ قبل ازیں، وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے روس کے ساتھ خام تیل کی خریداری سے متعلق کسی قسم کے معاہدے کی تردید کی تھی۔ مصدق ملک کا کہنا تھا کہ روس سے خام تیل کی خریداری پر (بقیہ نمبر 9)

آپ نے امن بحال کرنا تھا، پی ٹی آئی نے غلط کیا تو حکومت نے بھی غلط کیا، اسلام آباد ہائیکورٹ

پورا اسلام آباد بند کر دیا، پی ٹی آئی سے بھی پوچھیں گے خلاف ورزی کیوں ہوئی، درخواست گزار کا کیا قصور تھا؟ ان کے کاروبار کو کیوں بند کیا؟ چیف جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد کو ایسے بند کیا تھا کہ ججز سمیت میں بھی نہیں آسکا، میں اپنے ہی آرڈر کا خود ہی شکار ہو گیا تھا' سٹیٹ قونصل پر اظہار برہمی' وزارت داخلہ سے رپورٹ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق حکومت اور انتظامیہ پر برہمی کا اظہار کیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں 24 نومبر کے پی ٹی آئی کے احتجاج کے خلاف اسلام آباد کے تاجروں کی توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ آپ نے امن وامان بحال کرنا تھا مگر آپ نے پورا اسلام آباد بند کر دیا، درخواست گزار نے کہا کہ ہمارے کاروبار کو چلنے دیں، آپ نے میڈیا پر ہر جگہ کہا اسلام آباد ہائی کورٹ کے آرڈر پر ہم اجازت نہیں دے رہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ عدالت نے آپ سے کہا تھا کہ شہریوں، تاجروں اور مظاہرین کے بنیادی حقوق کا خیال رکھیں، وہ پی ٹی آئی سے بھی پوچھیں گے کہ عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کیوں کی گئی؟ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے غلط کیا تو حکومت نے بھی تو غلط ہی کیا، درخواست گزار کا کیا قصور تھا؟ ان کے

پشاور، گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 16 دسمبر کو ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 16 دسمبر (بقیہ نمبر 11)

پنجاب حکومت کا ججز کو ہیلتھ انشورنس فیملی سمیت دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی حکومت نے پنجاب کے 1794 ججز کو ہیلتھ انشورنس دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 12)

جسٹس طارق محمود کو الیکشن ٹریبونل کی سربراہی سے ہٹا دیا گیا

الیکشن کمیشن نے جسٹس ریٹائرڈ عبدالشکور پراچہ کو الیکشن ٹریبونل اسلام آباد کا سربراہ مقرر کردیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو ہٹا کر جسٹس ریٹائرڈ عبدالشکور پراچہ کو الیکشن ٹریبونل اسلام آباد کا سربراہ مقرر کردیا۔ الیکشن کمیشن نے یہ فیصلہ اسلام آباد سے مسلم لیگ (ن) کے تینوں ارکان (بقیہ نمبر 10)

عدالتی احکامات کے باوجود عارف علوی کا کلینک ڈی سیل نہیں کیا گیا

عارف علوی کی اہلیہ نے ڈی جی ایس بی سی اے و دیگر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کردی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے احکامات کے باوجود ایس بی سی اے کی جانب سے سابق صدر عارف علوی کا ڈینٹل کلینک ڈی سیل نہیں کیا گیا۔ ڈاکٹر عارف علوی کی اہلیہ (بقیہ نمبر 13)

26 نومبر کو ظلم ہوا' ہمیں احتجاج سے روکنے کا کسی کو حق نہیں' اسد قیصر

عدالت نے حفاظتی ضمانت دے دی ہے، آئین ہمیں احتجاج کا حق دیتا ہے، پشاور میں گفتگو

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ ہمیں احتجاج سے روکنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عدالت نے (بقیہ نمبر 14)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کیساتھ ضلع اٹک کی سیاسی شخصیات کا پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر گروپ فوٹو

قومی کمیشن برائے اقلیت کو وزارتی دباؤ سے آزاد اور خود مختار بنایا جانا چاہیے، وزیر قانون

ذیلی کمیٹی نے بھی کمیشن کو مالی اور انتظامی خودمختاری دینے کی تجویز دی، کمیشن 13 ارکان پر مشتمل ہوگا جس میں سے 9 ارکان اقلیتوں سے ہوں گے' اعظم نذیر تارڑ

اسلام میں مساجد کو انتہائی اہمیت حاصل' بین المذاہب ہم آہنگی پالیسی میں مساجد کو بطور کمیونٹی سینٹر کے طور پر فعال کرنے کی تجویز شامل کی جائے' رانا ثناء

اسلام آباد (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ قومی کمیشن برائے اقلیت کو وزارتی دباؤ سے آزاد اور خود مختار بنایا جانا چاہیے، ذیلی کمیٹی نے بھی کمیشن کو مالی اور انتظامی خودمختاری دینے کی تجویز دی ہے، کمیشن 13 ارکان پر مشتمل ہوگا جس میں سے 9 ارکان اقلیتوں سے ہوں گے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رانا ثناء اللہ کی زیر صدارت وزارتی کمیٹی کا اجلاس وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم (بقیہ نمبر 33)

لوگوں کو اب احساس ہو رہا ہے ہتک عزت کا قانون صحیح ہے، عظمیٰ بخاری

ہر پیشی پر مجھے لوگوں کو بتانا پڑتا میری ویڈیو ڈیپ فیک ہے' ایسے کیسز میں عدالتی نظام اور تفتیش کے طریقہ کار کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے

سائبر کرائم یونٹ کی صلاحیت میں اضافہ اثر حاضر کی اشد ضرورت' پاکستان میں ڈیپ فیک ویڈیوز سے متعلق آگہی کم ہے' وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ڈیپ فیک ویڈیوز خواتین کو بدنام کرنے کے لیے بطور ہتھیار استعمال کی جاتی ہیں۔ فرانسیسی نشریاتی ادارے کو انٹرویو میں پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان میں ڈیپ فیک ویڈیوز سے متعلق آگہی کم ہے۔ ڈیپ فیک ویڈیوز کا استعمال خواتین کو بدنام کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ عظمیٰ بخاری کا مزید کہنا تھا کہ ڈیپ فیک ایک سیاہ پہلو ہے جو خاص طور پر خواتین (بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ پختونخوا کا ڈی چوک مقدمے کیخلاف عدالت سے رجوع

احتجاج کیلئے آئینی حق استعمال کیا' پولیس نے دہشتگردی کا مقدمہ درج کرلیا، درخواست میں موقف

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور نے ڈی چوک مقدمے کے خلاف عدالت سے رجوع کرلیا۔ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے حاجی (بقیہ نمبر 16)

پی پی 139 میں ضمنی انتخاب آج' ن' پی ٹی آئی میں کانٹے کا مقابلہ متوقع

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی اور وفاقی (بقیہ نمبر 17)

وزیراعلیٰ پنجاب لائیوسٹاک کارڈ کی فراہمی کا آج سے آغاز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لائیو سٹاک کارڈ کی (بقیہ نمبر 18)

گلگت بلتستان کی ترقی ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے' امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان اور سیفران (بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد، وزیراعظم کے معاون خصوصی رانا ثناء اللہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود سے وفاقی وزیر مذہبی امور سالک چوہدری ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان سٹاک ایکسچینج: انڈیکس 1 لاکھ 5 ہزار عبور کر گیا

بازار حصص کا 100 انڈیکس 502 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 5 ہزار 61 پر آگیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بدھ کو کاروبار کا مثبت آغاز ہوا ہے، جہاں 100 انڈیکس 1 لاکھ 5 ہزار کی حد عبور کر گیا۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس 502 پوائنٹس (بقیہ نمبر 20)

مدارس بل پر دستخط کیلئے مولانا فضل الرحمان کی حکومت کو ڈیڈ لائن

7 دسمبر تک مدارس بل پر دستخط نہ کئے تو 8 دسمبر کو پشاور ریلی میں اہم اعلان کروں گا' بلال درانی سے گفتگو

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کہا ہے کہ حکومت نے مدارس بل پر دستخط نہ کئے تو اسلام آباد کا رخ کریں گے۔ مولانا فضل الرحمان سے (بقیہ نمبر 21)

صدر، وزیراعظم کا سابق نیول چیف یسطور الحق ملک کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے سابق چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل (بقیہ نمبر 24)

صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی کار کو حادثہ، محفوظ رہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کی کار کو لاہور کینال روڈ پر حادثہ پیش آیا، صوبائی وزیر محفوظ (بقیہ نمبر 22)

سابق کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل عامر دوبارہ قطر میں سفیر نامزد

ریٹائرڈ جنرل کو ابتدائی طور پر اگست میں متحدہ عرب امارات میں سفیر کے طور پر تعینات کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سابق کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عامر کو دوبارہ قطر میں پاکستان کا سفیر نامزد کر دیا گیا ہے۔ ریٹائرڈ جنرل کو ابتدائی طور پر اگست میں متحدہ عرب امارات (بقیہ نمبر 25)

بغض عمران میں جعلی حکومت نفرتوں کو فروغ دے رہی ہے' بیرسٹر سیف

غریب پشتونوں کو پی ٹی آئی کارکن ظاہر کر کے ظلم ڈھائے جا رہے ہیں، مشیر اطلاعات

پشاور: (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے بغض میں جعلی حکومت نفرتوں کو فروغ دے رہی ہے۔ انہوں نے ایک (بقیہ نمبر 26)

بانی پی ٹی آئی نیا سال بھی جیل میں رہیں گے' منظور وسان کی پیشگوئی

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے رہنما منظور وسان نے بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 32)

اسد قیصر، شہریار آفریدی و دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی حفاظتی ضمانت منظور

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے اسد قیصر، شہریار آفریدی سمیت دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی۔ (بقیہ نمبر 30)

پاکستان میں کسٹم ڈیوٹی دیئے بغیر گاڑیاں منگوانے کی اجازت

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے تین ماہ کے لیے کسٹم ڈیوٹی کی ادائیگی کے بغیر سیاحوں کو (بقیہ نمبر 29)

انٹرنیٹ بندش سے پاکستان کو 22 لاکھ ڈالر فی گھنٹہ کا نقصان ہوتا ہے، نیٹ بلاکس

کراچی (این این آئی) پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن کے صدر طفیل خان نے نیٹ بلاکس کے ڈیٹا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں صرف ایک گھنٹے کے لیے انٹرنیٹ بند (بقیہ نمبر 27)

پاکستان گمراہ کن بیانیے سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل

جھوٹی معلومات کا یہ خطرہ ملک کو درپیش مجموعی چیلنجز میں چوتھے سے چھٹے نمبر پر ہے' رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مس انفارمیشن اور گمراہ کن بیانیے سے متاثر ہونے والے ممالک کی فہرست میں پاکستان بھی شامل ہوگیا، جھوٹی معلومات دنیا کو درپیش سب سے بڑے خطرات میں سے ایک بن چکی ہے۔ عالمی اقتصادی فورم کی 2024 کی گلوبل رسک رپورٹ کے (بقیہ نمبر 31)

The Role of Religions in Fo
Peace, Harmony, an
INSTITUTE OF POLICY STUDIES
اسلام آباد، وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

افغان طالبان کے ظہرانے سے واپسی پر ٹی ٹی پی کا اہم کمانڈر حملے میں ہلاک

رحیم اللہ عرف شاہد عمر کے سر کی قیمت ایک کروڑ مقرر تھی، صوبے کنڑ کے علاقے شرنگل میں ہلاک ہوا

شرنگل (این این آئی) کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کا اہم کمانڈر رحیم اللہ عرف شاہد عمر افغانستان کے صوبے کنڑ کے علاقے شرنگل میں نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں ہلاک ہوگیا۔ کالعدم ٹی ٹی پی رہنما کی ہلاکت کے حوالے سے افغانستان اور پاکستان کی حکومتوں کی جانب (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انتہا پسندی کیخلاف ہمیں اتحاد، اعتدال پسندی کو فروغ دینا ہوگا، احسن اقبال

پاکستان کی ترقی امن، ہم آہنگی اور انصاف پر منحصر ہے، پیغام پاکستان مذہبی ہم آہنگی اور اعتدال پسندی کا روڈ میپ ہے' وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی

پاکستان کا روشن مستقبل امن اور تنوع میں اتحاد سے ممکن' معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دے کر ترقی کے دروازے کھولے جاسکتے ہیں' سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی امن، ہم آہنگی اور انصاف پر منحصر ہے، پیغام پاکستان مذہبی ہم آہنگی اور اعتدال پسندی کا روڈ میپ ہے۔ وہ بدھ کو یہاں امن، ہم آہنگی اور انصاف کے فروغ پر منی سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ احسن اقبال نے کہا کہ کسی بھی معاشرے کی ترقی کا انحصار معاشرے میں توازن ور انصاف کے ساتھ چلنا اور (بقیہ نمبر 23)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چودھری شافع حسین اور ڈائریکٹر جنرل انویسٹمنٹ بورڈ ڈاکٹر سہیل سلیم کے ساتھ ورلڈ ٹریڈ ڈویلپرز کے چیئرمین رانا محمد تنویر، ملک ساجد اعوان، منظور حسین ملک اور راؤ امجد اقبال ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

سیاسی تحریکوں میں بیگمات کا کردار

بشریٰ بی بی بھی نصرت بھٹو، بیگم نسیم ولی خان اور کلثوم نواز کی طرح اپنے شوہر کی رہائی کیلئے احتجاج کے لیے نکلیں

عبدالاول ضیاء

پاکستان کی سیاست پر نظر ڈالی جائے تو یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ وطن عزیز میں ہر دور حکومت میں برسر اقتدار طبقے کے بعض اقدامات کے خلاف سیاسی تحریکوں نے جنم لیا ہے اور یہ سیاسی تحریکیں فوجی اور سول دونوں حکومتوں کے خلاف چلائی گئیں ان تحریکوں کے دوران جب بھی پارٹی سربراہان پر برا وقت آیا اور وہ پابند زنداں ہوئے تو ان کی بیویاں میدان عمل میں آئیں ذوالفقار علی بھٹو، عبدالولی خان اور میاں نواز شریف ایسے سیاسی رہنما ہیں جو قید ہوئے تو ان کی بیویوں نے چلائی جانے والی سیاسی تحریکوں کی قیادت کی۔ آج کل عمران خان جیل میں ہیں تو ان کی رہائی کیلئے ان کی بیوی بشریٰ بی بی احتجاجی تحریک کی قیادت کرنے کیلئے نکلی ہیں۔ ذیل میں مندرجہ بالا خواتین کی سیاسی جدوجہد کا مختصراً ذکر کیا جا رہا ہے جنہوں نے اپنے شوہروں کی رہائی اور جمہوریت کی بحالی کیلئے چلائی جانے والی سیاسی تحریکوں کی قیادت کی۔

بیگم نصرت بھٹو

5 جولائی 1977 کو جنرل ضیاء الحق نے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو برطرف کر کے اقتدار پر قبضہ کر لیا بعد میں ان کو ایک خود ساختہ مقدمہ میں گرفتار کر کے پھانسی دے دی گئی۔ اس دوران بیگم نصرت بھٹو اپنے شوہر کی عدم موجودگی میں سیاسی تحریک کا حصہ رہیں۔ قتل کیس میں جب 4 اپریل 1979 کو ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی ہو گئی تو بیگم نصرت بھٹو پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن بن گئیں جنہوں نے جنرل ضیاء الحق کے طویل مارشل لاء کے دوران ملک میں جمہوری جدوجہد کی قیادت کی۔ 1981ء میں بیگم نصرت بھٹو نے مارشل لاء کے خاتمے کیلئے ساری سیاسی قوتوں کے ساتھ مل کر تحریک بحالی جمہوریت یعنی ایم آر ڈی کی بنیاد رکھی جس کے پلیٹ فارم سے ضیاء حکومت کے خلاف تحریک چلائی گئی۔ اس تحریک میں پارٹی کارکنوں نے جمہوریت کی بحالی کیلئے عظیم قربانیاں دیں کارکنوں کو پابند سلاسل کر دیا گیا اور انہیں سر عام بازاروں میں کوڑے مارے گئے بیگم نصرت بھٹو جب تک زندہ رہیں۔ وطن عزیز میں جمہوریت کی بحالی کیلئے جدوجہد کی۔ انہوں نے ثابت کیا کہ اپنے شوہر کی پھانسی کی سزا کے خلاف اور ملک میں جمہوریت کی بحالی کیلئے خواتین بھی اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

بشریٰ بی بی

تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان اس وقت جیل میں ہیں اور مختلف مقدمات بھگت رہے ہیں ان کی پارٹی اپنے چیئرمین کی رہائی کے لیے احتجاجی تحریک چلا رہی ہے گزشتہ ماہ 24 نومبر کو تحریک انصاف نے عمران خان کو رہا کرنے کیلئے اسلام آباد پر چڑھائی کی تو اس احتجاج کی قیادت بشریٰ بی بی کے ہاتھ میں تھی۔ اس سے قبل تحریک انصاف نے کئی دھرنے دیے لیکن اس دفعہ چونکہ عمران خان کی بیوی بشریٰ بی بی جیل سے رہا ہو چکی تھیں لہٰذا انہوں نے 24 نومبر کو ہونے والے مارچ کی خود قیادت کرنے کی ٹھان لی۔ وہ پشاور سے جانے والے جلوس کی قیادت کر رہی تھیں۔ 24 نومبر کا دھرنا کامیاب رہا یا ناکام اور بشریٰ بی بی پارٹی سربراہ بن پائیں یا نہیں تاہم ایک بات طے ہے کہ وہ بیگم نصرت بھٹو، بیگم کلثوم نواز اور بیگم نسیم ولی خان کی طرح اپنے شوہر کی رہائی کیلئے چلائی جانے والی تحریک کا حصہ ضرور ہیں۔

بیگم کلثوم نواز

1999 میں جنرل پرویز مشرف نے منتخب حکومت ختم کر کے اقتدار پر قبضہ جمایا میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف کو جیلوں میں ڈالا گیا اسی طرح دوسرے رہنماؤں اور لیگی کارکنوں کی گرفتاریاں بھی ہو رہی تھیں۔ اس دوران میاں نواز شریف کی اہلیہ بیگم کلثوم نواز نے احتجاجی سیاست کی ابتدا کی اور اس وقت دوسری بڑی سیاسی جماعت یعنی پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر اتحاد برائے بحالی جمہوریت یعنی اے آر ڈی کے قیام میں مثبت اور فعال کردار ادا کیا اور لیگی کارکنوں اور جماعت کو متحد رکھنے کیلئے تگ و دو بھی کی۔ بعد ازاں ایک مبینہ ڈیل کے ذریعے نواز شریف بیرون ملک چلے گئے۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ اگر بیگم کلثوم نواز احتجاجی سیاست شروع نہ کرتی تو شاید نواز شریف کو باہر جانے کی اجازت نہ ملتی اور نہ حکومت دباؤ میں آتی۔ بیگم کلثوم نواز کی انہی جدوجہد کا نتیجہ تھا کہ وہ اپنے شوہر اور ان کے خاندان کو بحفاظت ملک سے باہر لے گئیں۔ جب عمران خان وزیراعظم بن گئے تو شریف خاندان پر پھر ابتلا کا دور آ گیا اور میاں نواز شریف پھر پابند سلاسل ہوئے تو ماضی کی طرح بیگم کلثوم نواز ایک مرتبہ پھر سیاست میں آتے اور اپنے شوہر کا خلاء پر کرنے کیلئے تیار ہو گئیں۔ وہ 2017ء کے ضمنی انتخابات میں لاہور سے رکن قومی اسمبلی بن گئیں تاہم لندن میں زیر علاج ہونے کی وجہ سے وہ حلف نہ اٹھا سکیں۔

بیگم نسیم ولی خان

بیگم نسیم ولی خان سیاست میں آنے سے پہلے ایک عام گھریلو خاتون تھیں لیکن جب پیپلز پارٹی کے پہلے دور میں نیشنل عوامی پارٹی حکومت کے زیر عتاب آ گئی اور اس پر پابندی لگ گئی اور حیدر آباد سازش کیس میں خان عبدالولی خان گرفتار ہوئے تو اس کے بعد بیگم نسیم ولی خان ایک طاقتور سیاسی شخصیت کے طور پر سیاست کے خارزار میں اتر گئیں۔ بیگم نسیم ولی نے ایسے حالات میں پارٹی کی قیادت سنبھالی جب نیشنل عوامی پارٹی (نیپ) کی پہلی اور دوسری صف کی قیادت حیدر آباد ٹریبونل کیس کی وجہ سے جیل میں تھی بیگم نسیم ولی خان نے اپنے شوہر خان عبدالولی خان کی عدم موجودگی میں پاکستان قومی اتحاد کی طرف سے ذوالفقار علی بھٹو کے خلاف احتجاجی تحریک میں کلیدی کردار ادا کیا۔ اگرچہ بعد میں حیدر آباد ٹریبونل کیس ختم کر دیا گیا اور ولی خان سمیت تمام قیدیوں کو رہا کر دیا گیا لیکن اس کے بعد بھی بیگم نسیم ولی خان نے سیاست میں فعال کردار ادا کیا اور چار مرتبہ صوبائی اسمبلی کی رکن منتخب ہوئیں۔

ڈیپ فیکس، خواتین کے استحصال کا ایک اور خطرناک ہتھیار

پاکستان میں ڈیپ فیکس کو خواتین کو جنسی طور پر بدنام کرنے کے لیے بطور ہتھیار استعمال کیا جا رہا ہے

مڈویک ڈیسک

پاکستانی سیاست دان عظمیٰ بخاری کو ان کی ایک جعلی ویڈیو نے پریشان کیا ہوا ہے، ایک نازیبا ڈیپ فیک ویڈیو جس کو ملک کی چند خواتین رہنماؤں میں سے ایک کے طور پر ان کے کردار کو بدنام کرنے کے لیے پھیلایا گیا تھا۔ پنجاب کی وزیر اطلاعات 48 سالہ عظمیٰ بخاری نے اے ایف پی کو اس بارے میں بتایا: 'جب یہ میرے علم میں آیا تو میں ٹوٹ کر رہ گئی۔' ڈیپ فیکس، جو لوگوں کی حقیقی آڈیو، تصاویر یا ویڈیو کو غلط تشبیہات میں تبدیل کرتے ہیں، کو مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے عام ہونے کے ساتھ ہی تیزی سے بنانا آسان ہوتا جا رہا ہے۔ پاکستان میں ڈیپ فیکس کو عوامی حلقوں میں خواتین کو جنسی طور پر بدنام کرنے کے لیے بطور ہتھیار استعمال کیا جا رہا ہے جس سے قدامت پسندانہ معاشرے میں ان کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ باقاعدگی سے ٹی وی پر نظر آنے والی عظمیٰ بخاری نے کئی دنوں تک خاموش رہنے کو ترجیح دی جب انہوں نے سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیلنے والے کلپ میں ایک انڈین اداکار کے جسم پر ان کے چہرے کو لگا کر ایڈیٹ کی گئی ویڈیو دیکھا۔

WE WANT JUSTICE

انہوں نے اے ایف پی کو مزید بتایا کہ 'یہ بہت مشکل تھا۔ میں افسردہ تھی۔ میری بیٹی نے مجھے گلے لگایا اور کہا ماما، آپ کو اس سے لڑنا پڑے گا۔'

ابتدائی طور پر پیچھے ہٹنے کے بعد وہ اب لاہور ہائی کورٹ میں اپنا کیس لڑ رہی ہیں تاکہ ڈیپ فیک پھیلانے والوں کو احتساب کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ 'جب میں عدالت جاتی ہوں تو مجھے لوگوں کو بار بار یاد دلانا پڑتا ہے کہ میری ایک جعلی ویڈیو بنائی گئی ہے۔'

تقریباً 24 کروڑ آبادی والے ملک میں سستے فور جی موبائل انٹرنیٹ کی وجہ سے حال ہی میں انٹرنیٹ کے استعمال میں حیرت انگیز شرح سے اضافہ ہوا ہے۔ مانیٹرنگ سائٹ 'ڈیٹا رپورٹل' کے مطابق رواں سال جنوری میں تقریباً 11 کروڑ پاکستانی آن لائن تھے اور یہ تعداد 2023 کے آغاز کے مقابلے میں تقریباً ڈھائی کروڑ زیادہ تھی۔ رواں سال کے انتخابات میں بھی ڈیپ فیکس کا بھرپور استعمال کیا گیا۔

سیاست میں مردوں کو عام طور پر کرپشن، ان کے نظریات یا مالی حیثیت کی وجہ سے تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے لیکن ڈیپ فیکس کا ایک تاریک پہلو ہے کہ اسے خواتین کو بدنام کرنے کے استعمال کیا جا رہا ہے۔ امریکہ میں مقیم اے آئی ماہر بیٹرس ایبڈر نے اس حوالے سے بتایا کہ ان (خواتین) پر جب بھی الزام لگایا جاتا ہے تو تقریباً ہمیشہ ان کی جنسی زندگیوں اور ذاتی زندگیوں کے گرد گھومتا ہے، چاہے وہ کتنی ہی اچھی ماں ہوں یا اچھی بیویاں۔ اس لیے ڈیپ فیکس ایک بہت ہی نقصان دہ ہتھیار ہیں۔ لیکن پاکستان کے پدرانہ پسند معاشرے میں اس داؤ کی قیمت بہت زیادہ ہے۔ یہاں خواتین کی حیثیت عام طور پر ان کی 'عزت' سے منسلک ہوتی ہے، جسے عام طور پر شائستگی اور حیا سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ہر سال سیکڑوں خواتین کو عزت کی خاطر مار دیا جاتا ہے اور وہ بھی اکثر اپنے ہی خاندانوں کے ہاتھوں۔

اکتوبر میں اے ایف پی نے صوبائی رکن اسمبلی مینا مجید کی ایک جعلی ویڈیو کو شائع کیا تھا جس میں انہیں بلوچستان کے وزیراعلیٰ کو گلے لگاتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔ سوشل میڈیا کیپشن میں کہا گیا: 'بے شرمی کی کوئی حد نہیں، یہ بلوچ ثقافت کی توہین ہے۔' ان کا کہنا ہے کہ ان کے شوہر اور بیٹے کے ساتھ ان کی تصاویر کو بھی ایڈٹ کر کے انہیں بوائے فرینڈز کے ساتھ دکھایا گیا ہے۔ پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جعلی ویڈیوز باقاعدگی سے گردش کرتی رہتی ہیں جن میں انہیں اپوزیشن رہنماؤں کے ساتھ رقص کرتے دکھایا گیا ہے۔ غیر سرکاری تنظیم 'میڈیا میٹرز فار ڈیموکریسی' سے وابستہ صدف خان نے کہا کہ جب اس طرح کے ڈیپ فیکس کے ذریعے خواتین کو نشانہ بنایا جاتا ہے تو انہیں غیر اخلاقی سمجھا جاتا ہے اور پورے خاندان کی عزت ختم ہو جاتی ہے۔ یہ انہیں خطرے میں ڈال سکتا ہے۔' ڈیپ فیکس اب پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں لیکن پاکستان میں غلط معلومات کا مقابلہ کرنے کے لیے قانون سازی کی گئی ہے۔

2016 میں عظمیٰ بخاری کی پارٹی پاکستان مسلم لیگ ن کی جانب سے آن لائن جرائم کو روکنے کے لیے ایک قانون پاس کیا گیا تھا جس میں کسی شخص کو نقصان پہنچانے والے طریقے سے رضامندی کے بغیر تصاویر یا ویڈیوز شیئر کرنے کے خلاف 'سائبر سٹاکنگ' کی دفعات شامل تھیں۔ عظمیٰ بخاری کا خیال ہے کہ اس نظام کو مضبوط بنانے اور تفتیش کاروں کی مدد کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا: 'ہمارے سائبر کرائم یونٹ کی استعداد کار میں اضافہ بہت اہم ہے۔' لیکن ڈیجیٹل حقوق کے کارکنوں نے اختلاف رائے کو ختم کرنے کے لیے اس طرح کی وسیع قانون سازی کے لیے حکومت پر تنقید بھی کی ہے۔ حکام نے پہلے یوٹیوب اور ٹک ٹاک کو بلاک کر دیا تھا اور اب ایکس پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ پاکستان میں ڈیجیٹل حقوق کی کارکن نگہت داد نے کہا کہ سائٹس کو بلاک کرنا صرف 'حکومت کے لیے فوری حل' کے طور پر کام کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا: 'یہ آپ کے اظہار رائے کی آزادی اور معلومات تک رسائی سے جڑے حقوق کی خلاف ورزی ہے۔'

پاکستان نے بلائنڈ ٹی 20 کرکٹ ورلڈ کپ جیت لیا

پاکستان نے ناقابل شکست رہتے ہوئے بلائنڈ ٹی 20 کرکٹ ورلڈ کپ اپنے نام کر لیا۔ گرین شرٹس نے پہلی مرتبہ ٹی20 فارمیٹ میں عالمی ٹائٹل جیتا ہے۔ قومی ٹیم نے ایونٹ کے فائنل میں بنگلہ دیش کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر ٹائٹل جیتا۔ پاکستان کو بنگلہ دیش نے 140 کا ہدف دیا تھا۔ بنگلہ دیش بلائنڈ ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 7 وکٹوں کے نقصان پر 139 رنز بنائے۔ بنگلہ دیش کے عارف حسین 54 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ پاکستانی اوپنرز نے ہوم گراؤنڈ کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے مطلوبہ ہدف محض 11 ویں اوور میں حاصل کر لیا۔ قومی بلائنڈ ٹیم کی جانب سے نثار علی نے 72 اور محمد صفدر نے 47 رنز کی اننگز کھیلی۔ پاکستان اس سے پہلے 2002 اور 2006 میں لگاتار دو مرتبہ ون ڈے فارمیٹ کا بلائنڈ ورلڈ کپ جیت چکا ہے۔

پاکستان کیخلاف سیریز سے پہلے جنوبی افریقے کے اہم بولر زخمی

پاکستان کیخلاف سیریز کے آغاز سے قبل جنوبی افریقی ٹیم کے اہم فاسٹ بولر انجری کا شکار ہو گئے۔ جنوبی افریقی فاسٹ بولر جیرالڈ کوئٹزی سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹیسٹ اور پاکستان کیخلاف 10 دسمبر سے ہونے والی سیریز سے باہر ہو جائیں گے۔ ڈربن ٹیسٹ میں بولنگ کے دوران کمر کے دائیں حصے میں چوٹ لگنے کے سبب جیرالڈ کوئٹزی 6 ہفتوں تک کھیل کے میدان سے باہر ہو گئے ہیں۔ جنوبی افریقی ٹیم نے جیرالڈ کوئٹزی کی جگہ کوینا مافاکا کو اسکواڈ کا حصہ بنایا ہے۔ جنوبی افریقی ٹیم کو اسکے علاوہ نینڈرے برگر، لونگی نگیڈی کی انجریز کا سامنا ہے۔ ادھر ڈربن ٹیسٹ کا حصہ بننے والے کاگیسو ربادا اور مارکو جانسن فٹ ہیں جو سری لنکا کیخلاف ٹیسٹ میچ میں حصہ لیں گے۔ سری لنکا ٹیسٹ کے بعد جنوبی افریقہ کو پاکستان کیخلاف 3 ٹی 20، 3 ون ڈے اور 2 ٹیسٹ میچز کی میزبانی کرنی ہے۔



ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ، کیا پاکستان فائنل کھیل سکتا ہے؟

آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل کی دوڑ دلچسپ موڑ پر پہنچ گئی۔ کچھ عرصے قبل تک بھارت اور آسٹریلیا ایک بار پھر فیصلہ کن معرکے میں مدمقابل نظر آ رہے تھے مگر ہوم گراؤنڈ پر نیوزی لینڈ سے وائٹ واش نے بھارتی پوزیشن کو دھچکا لگا دیا۔ اسی طرح آسٹریلوی ٹیم بھی بھارت سے پرتھ ٹیسٹ میں شکست کے بعد خود کو خطرے کا شکار کر چکی، اس دوران جنوبی افریقہ نے سری لنکا کو پہلے ٹیسٹ میں شکست دے کر کینگروز سے دوسری پوزیشن چھین لی ہے۔ رواں ٹیسٹ چیمپئن شپ دورانیے میں ابھی 15 میچز مزید کھیلے جانے ہیں تاہم تاحال کوئی بھی ٹیم ابھی تک فائنل میں اپنی نشست بک نہیں کرا سکی۔ جنوبی افریقہ اگر سری لنکا کے خلاف جاری سیریز کا آخری ٹیسٹ اور اس کے بعد پاکستان سے دونوں ہوم ٹیسٹ میچز جیت گیا تو 61.11 کی پرسنٹیج حاصل کر کے فائنل کھیلنے کے اپنے امکانات کو روشن کر سکتا ہے، اس صورت میں بھی سری لنکا اور بھارت دونوں اس کو پیچھے چھوڑ سکتے ہیں مگر اس کیلئے آئی لینڈرز کو آسٹریلیا کے خلاف ہوم سیریز میں دونوں ٹیسٹ جیتنا ہوں گے جبکہ بھارت کو رواں سیریز میں آسٹریلیا کو کم سے کم مزید 3 ٹیسٹ میچز میں مات دینا ہوگی۔ پاکستان اگر اپنے باقی چاروں ٹیسٹ جیت گیا تو اس کی پرسنٹیج 52.38 تک پہنچ پائے گی، البتہ اگر سری لنکا کا جنوبی افریقہ سے دوسرا ٹیسٹ ڈرا ہو اور وہ آسٹریلیا سے سیریز 1-1 سے برابر کر لیں۔ بھارت آسٹریلیا میں 2-1 سے ہار جائے اور نیوزی لینڈ، انگلینڈ سے سیریز 2-1 سے گنوا دے تب گرین شرٹس آسٹریلیا کے خلاف فائنل کھیل سکتے ہیں تاہم اس کا امکان بہت کم ہے۔

انڈر 19 ایشیا کپ، بھارت نے کمزور اور ناتجربہ کار جاپان ٹیم کو ہرا دیا

انڈر 19 ایشیا کپ میں بھارت نے جاپان کو 211 رنز کے بڑے مارجن سے شکست دے دی۔ شارجہ میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 50 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 339 رنز بنائے تھے۔ ہدف کے تعاقب میں جاپان کی انڈر 19 ٹیم 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 128 رنز ہی بنا سکی۔ بھارت کے کپتان محمد امان نے 122 رنز کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیلی، ایوش مہترے اور کے پی کارتیکیا نے نصف سنچریاں اسکور کیں۔ یاد رہے کہ بھارت نے ٹورنامنٹ کا آغاز پاکستان کے ہاتھوں شکست سے کیا تھا۔

انڈر 19 ایشیا کپ، پاکستان نے مسلسل دوسرا میچ جیت لیا

انڈر 19 ایشیا کپ کے ساتویں میچ میں پاکستان نے متحدہ عرب امارات کو 69 رنز سے شکست دے دی۔ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان کے 314 رنز کے تعاقب میں یو اے ای کی ٹیم 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 245 رنز بنا سکی۔ پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 314 رنز بنائے تھے، شاہزیب خان نے 132 اور محمد ریاض اللہ نے 106 رنز کی شاندار اننگز کھیلی جبکہ عثمان خان نے 41 اور فہیم الحق نے 20 رنز بنائے۔ یو اے ای نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تھا، میچ میں قومی انڈر 19 ٹیم کی قیادت سعد بیگ نے کی۔ رواں ٹورنامنٹ میں یہ قومی انڈر 19 ٹیم کی مسلسل دوسری فتح ہے۔ اپنے پہلے میچ میں پاکستان نے روایتی حریف بھارت کو 43 رنز سے شکست دی تھی۔

انڈر 19 ایشیا کپ، پاکستان ٹیم سیمی فائنل میں پہنچ گئی
بھارت کو رسائی حاصل کرنے کیلئے ایک اور میچ جیتنا ہوگا

متحدہ عرب امارات میں جاری انڈر 19 ایشیا کپ میں پاکستان کی ٹیم اپنے تینوں گروپ میچز جیت کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے تاہم روایتی حریف بھارت انڈر 19 کی ٹیم تاحال سیمی فائنل سے دور ہے۔ پاکستان نے تینوں میچز جیتے ہیں جبکہ بھارت کی ٹیم دو میں سے ایک میچ جیت کر اور ایک ہار کر 2 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن پر ہے۔ میزبان متحدہ عرب امارات کی ٹیم بھی دو میں سے ایک میچ جیت کر اور ایک ہار کر 2 پوائنٹس کے ساتھ دوسری پوزیشن پر براجمان ہے۔ بھارت اور یو اے ای انڈر 19 ٹیموں کے درمیان ڈو اینڈ ڈائی میچ آج ہوگا جو ٹیم فاتح ہوگی وہ سیمی فائنل میں پہنچے گی جبکہ ہارنے والی ٹیم ٹورنامنٹ سے باہر ہو جائے گی۔

چیمپئنز ٹرافی، پاکستان کے پیچھے ہٹنے کی بھارتی میڈیا کی خبریں مسترد



BOARD OF CONTROL FOR CRICKET IN INDIA
PCB
Pakistan Cricket Board

چیمپئنز ٹرافی تنازع کے معاملے پر پاکستان نے ایک مرتبہ پھر سرنڈر کرنے کی کہانیاں فضول قرار دے کر مسترد کر دیں۔ چیمپئنز ٹرافی تنازع حل ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا، ایک روز قبل بھارتی میڈیا نے مذاق اڑاتے ہوئے دعوے کیے تھے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ دولت کے آگے ڈھیر ہو گیا اور اس نے ہائبرڈ ماڈل قبول کر لیا ہے۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے وطن واپسی پر دو ٹوک الفاظ میں واضح کر دیا کہ پاکستان نے اس معاملے پر کوئی سرنڈر نہیں کیا، اس حوالے سے سامنے آنے والی کہانیاں فضول ہیں، بھارتی بورڈ اپنے میڈیا کے ذریعے پروپیگنڈا پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے۔ محسن نقوی نے گزشتہ چند روز کے دوران دبئی میں اہم میٹنگز میں شرکت کی اور ایونٹ کے حوالے سے اپنے موقف کے ساتھ مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ اب پی سی بی کو اپنی تجاویز پر آئی سی سی اور بھارتی کرکٹ بورڈ کے جواب کا انتظار ہے، یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ یو اے ای میں چھٹیوں کی وجہ سے تاخیر ہو رہی ہے۔ ادھر سابق کرکٹر راشد لطیف نے دعویٰ کیا کہ مسئلے کو حل کرنے کیلئے ایک اور اہم آئی سی سی ایمرجنسی بورڈ میٹنگ 5 دسمبر کو متوقع ہے۔

بھارت ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ کی میزبانی سے محروم

ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل نے بھارت سے ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ کی میزبانی واپس لے لی۔ پاکستان میں ہونے والے مینز بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شرکت سے انکار پر بھارت کو ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ کی میزبانی سے محروم کر دیا گیا۔ پاکستان کے سید سلطان شاہ ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل کے دوبارہ صدر منتخب ہو گئے۔ اس موقع پر سید سلطان شاہ نے کہا کہ آئندہ پاک بھارت میچز نیوٹرل وینیو پر ہوں گے۔ ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل کا 26 واں اجلاس ملتان میں ہوا جس میں 7 ممالک نے شرکت کی جبکہ بھارت، انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے بورڈ سربراہان آن لائن اجلاس میں شریک ہوئے۔ اس دوران پاکستان میں ہونے والے بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بھارتی ٹیم کے انکار پر خوب بحث ہوئی۔ ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل نے اگلے سال نومبر دسمبر میں بھارت میں ہونے والے ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ کی میزبانی واپس لینے کی تصدیق کر دی۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان سیاسی تناؤ کی وجہ سے میزبانی واپس لی گئی ہے اور ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ اب کسی اور ملک منتقل کیا جائے گا۔

پہلی زلمی وومن کرکٹ لیگ پشاور میں شروع

پہلی زلمی وومن کرکٹ لیگ کا آغاز پشاور میں ہو گیا۔ باضابطہ افتتاح صوبائی وزیر کھیل سید فخر جہاں اور صوبائی وزیر تعلیم مینا خان آفریدی نے کیا ان کے ہمراہ صوبائی وزیر جیل خانہ جات ہمایوں خان، پشاور زلمی کے ڈائریکٹر محمد اکرام، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن کامران آفریدی اور ڈائریکٹر قسم اصلاح رضی اللہ سمیت دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔ زلمی وومن کرکٹ لیگ پشاور زلمی، زلمی فاؤنڈیشن، خیبر پختونخوا حکومت اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے منعقد کی جا رہی ہے۔ افتتاحی میچ میں ہزارہ نے بنوں کو تین رنز جبکہ دوسرے میچ میں پشاور نے مردان کو چار رنز سے شکست دی۔ صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان سید فخر جہان نے کہا کہ حالات جیسے بھی ہو صوبائی حکومت کھلاڑیوں کو کھیلنے کے مواقع فراہم کرتے رہے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ انڈر 16 ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں مختلف گیمز کے ٹیموں کا انتخاب کیا جائے گا اور ان کو بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت کے لئے تعاون اور ماہانہ 25 ہزار وظیفہ دیا جائے گا۔ انہوں نے لیگ کے ونر اور رنر اپ ٹیموں کو ایک ایک لاکھ روپے انعام کا بھی اعلان کیا۔ صوبائی وزیر برائے ہائیر ایجوکیشن مینا خان آفریدی نے کہا کہ اسی مہینے کالجز اور یونیورسٹیوں کے مابین 14 مختلف گیمز میں مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا جس میں دو ہزار سے زائد کھلاڑی شرکت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 1

انصاف کو ریڈ زون میں احتجاج سے باز رکھنے کے لیے ان سے مذاکرات کیے۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ وفاق کے خلاف احتجاج کے لیے صوبائی حکومت کے وسائل استعمال کئے گئے، اس کے علاوہ احتجاج کے دوران صوبائی حکومت کا اسلحہ اور شیل بھی استعمال کیے گئے لیکن اس کے باوجود غلط بیانی کی گئی کیوں پی ٹی آئی فیک نیوز پھیلانے کی ماہر ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ سفیروں کی سیکیورٹی ہمیں خود سے بھی زیادہ عزیز ہے، ریڈ زون میں قانون سازی کے ذریعے احتجاج کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے، ریڈزون کی سیکیورٹی سے متعلق خصوصی قوانین نافذ کیے گئے ہیں کیوں کہ ریڈزون کی سیکیورٹی ہمیشہ ہماری ترجیح رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

صدیق نے موقف اپنایا کہ عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ترین سطح پر ہیں، حکومت نے عالمی مارکیٹ کے برعکس پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بلا جواز اضافہ کیا، حکومت کو عوامی مشکلات میں اضافے کا کوئی استحقاق حاصل نہیں ہے۔ وکیل اظہر صدیق نے کہا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا نیا طوفان آئے گا، عدالت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ کالعدم قرار دے۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ نے وفاقی وزارت پٹرولیم اور اوگرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

پنجاب بینک کے کردار کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بینک میں جدید اصلاحات متعارف کرا رہے ہیں، بینک معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ بینک مالیاتی استحکام، تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، مضبوط، شفاف اور منصفانہ مالیاتی نظام کا قیام پنجاب حکومت کا وژن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

جمع کرادی۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق دہشت گرد جاوید نے پولیس کے سامنے خودکش دھماکے اور منصوبہ بندی کا اعتراف کیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایئر پورٹ بم دھماکا منصوبہ بندی اور فنڈنگ کی مدد سے کیا گیا جبکہ کمانڈر کالعدم تنظیم ماسٹر مائنڈ بشیر بلوچ اور عبدالرحمٰن نے فنڈنگ اور منصوبہ بندی کی۔ رپورٹ کے مطابق منصوبے کو ہلاک دہشت گرد شاہ فہد اور گرفتار ملزم جاوید کے ذریعے تکمیل تک پہنچایا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فنڈ سے کار شوروم سے دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی خریدی گئی، گاڑی کی رقم 71 لاکھ روپے حب چوکی کے نجی بینک کے ذریعے کی گئی جبکہ اس گاڑی میں بارودی مواد بھر کر منصوبے کو انجام دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق مقدمے میں کالعدم بی ایل اے کمانڈر بشیر احمد بلوچ عرف بشیر زیب اور عبدالرحمٰن عرف رحمٰن گل نامزد ہیں۔ بم دھماکے کے مقدمے میں دہشت گردوں کی معاونت کرنے والے نجی بینک افسر اور ایک اکاؤنٹ ہولڈر بھی نامزد ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ مقدمہ ایس ایچ او تھانہ ایئرپورٹ انسپکٹر موسیٰ کلیم کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جبکہ مقدمے میں دہشت گردی، فنڈنگ، دھماکا خیز مواد، قتل سمیت دیگر جرائم کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران ریاض میں منعقدہ ون واٹر سربراہی اجلاس میں شرکت کی۔ وزیراعظم نے دنیا کو مستقبل میں پانی کی قلت سے بچانے کیلئے چھ نکاتی ایجنڈا تجویز کیا اور پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کی ماحولیاتی تبدیلی کے خطرات کی وجہ سے مشکلات و چیلنجز پر بھی روشنی ڈالی۔ وزیراعظم کی ریاض میں سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان آل سعود سے بھی ملاقات ہوئی جس میں دونوں رہنماؤں نے پاک سعودیہ تعلقات کے مزید فروغ اور ان میں بڑی تبدیلی لانے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے سعودی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر عملدرآمد کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعظم کی فرانس کے صدر ایمانوئیل میکرون سے بھی ملاقات ہوئی جس میں دونوں ملکوں کے زراعت، لائیو سٹاک، انفارمیشن ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ مہارتوں میں ترقی اور پینے کے صاف پانی کے شعبوں میں بزنس ٹو بزنس روابط کے ذریعے تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 6

کرتے ہوئے وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پچھلے 12 سے 14 ماہ میں ہم نے مثبت اور قابل ذکر کارکردگی دکھائی ہے، مالی اور کرنٹ اکاؤنٹ کی سطح پر ہم مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی آمدنی میں ہر ماہ اضافہ ہورہا ہے اور ہم اس پائیدار نکتے پر پہنچنے والے ہیں جہاں ہم یہ بات کر سکیں گے کہ آگے بڑھنے کے لیے ہمیں اس بنیاد کو کس طرح استعمال کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کرنسی کی بات کی جائے تو ایک موقع پر زرمبادلہ کے ذخائر صرف 2 ہفتے کی درآمدی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل تھے جو کہ اب ڈھائی ماہ کی درآمدی ضروریات کو پورا کر سکتے ہیں۔ سینیٹر اورنگزیب نے کہا کہ اگر ہم اسی سمت آگے بڑھتے رہے تو زرمبادلہ کے ذخائر 3 ماہ کی درآمدی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہوجائیں گے جسے عالمی معیار کے حوالے سے بہتر تصور کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نومبر میں مہنگائی بڑھنے کی شرح پچھلے 78 ماہ کی کم ترین سطح 4.9 فیصد پر آگئی ہے جبکہ شرح سود 13 فیصد سے نیچے آگئی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ معیشت میں نجی شعبے کا کردار اہم ہے، حکومت نجی شعبے میں کم سے کم مداخلت کرے گی اور صرف پالیسی گائیڈ لائنز اور سبسڈیز دے گی کیونکہ اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لے کر جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام پر عملدرآمد کے لیے پرعزم ہیں، معاشی اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، ہم نے معاشی استحکام کی بنیادوں کو مضبوط کرنا ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے بڑھتی آبادی اور موسمیاتی تبدیلی کو دو بنیادی مسائل قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں 24، 25 کروڑ کی آبادی ہے جو کہ 2.55 فیصد کی رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعمیرات کے شعبے کا آبادی سے براہ راست تعلق ہے، 2022 کا سیلاب تعمیر و بحالی کے حوالے سے ہمیں جگانے کے لیے کافی تھا۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے حکومت سندھ کا کردار قابل تعریف ہے جس نے متاثرین کے لیے دریا کے کناروں پر دوبارہ گھر بنانے کے بجائے پائیدار تعمیرات کی طرف توجہ دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

بھی جوڈیشل کمیشن سے مستعفی ہو گئے۔ شبلی فراز کی جگہ سینیٹر علی ظفر جوڈیشل کمیشن میں نمائندگی کریں گے۔ بانی تحریک انصاف نے 2 روز قبل قومی اسمبلی سے بیرسٹر گوہر اور سینیٹ سے علی ظفر کا نام دیا تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی عمر ایوب نے بھی جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ دیا تھا۔ عمر ایوب نے اپنا استعفیٰ اسپیکر قومی اسمبلی کو بھجوایا تھا، انہوں نے پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر کو اپنی جگہ جوڈیشل کمیشن کا رکن نامزد کیا تھا۔ عمر ایوب کا کہنا تھا کہ میں نے جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ کا فیصلہ اپنے خلاف درج مقدمات کے باعث کیا، موجودہ لیگل چیلینجز کمیشن میں مو ?ثر کارکردگی دکھانے میں رکاوٹ ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا تھا کہ ادارے کے مفاد میں ہے کہ میں کسی اور کو اپنی جگہ نامزد کروں جو اپنی تمام توجہ اس اہم رول پر ادا کر سکے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ میرا استعفیٰ جلد منظور کر کے بیرسٹر گوہر کو جوڈیشل کمیشن کا رکن نامزد کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 8

سوری سمیت باہر بیٹھے ہوئے لوگ ٹوئٹس کرنے سے پہلے علیمہ بی بی یا لیگل ٹیم سے بات کرلیا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ہلاکتوں سے متعلق بیرسٹر گوہر نے ان لوگوں کی بات کی جن کے کوائف موجود ہیں جب کہ علیمہ خان نے لاپتا افراد کی بات کی جن کے کوائف جمع کیے جا رہے ہیں، یہ دونوں باتیں مختلف نہیں ہیں، ایک ہی بات کے دو حصے ہیں۔ فیصل چوہدری کا کہنا تھا کہ اگر عمران خان یہ کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے بشریٰ بی بی کو قافلے کی قیادت کا کہا تھا تو وہ ٹھیک ہی کہہ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

بات چیت ہوتی رہتی ہے اور روس سے بات چیت جاری رہے گی لیکن ابھی سرکاری سطح پر خام تیل کا کارگو منگوانے کا معاہدہ نہیں ہوا، پرانے معاہدوں کے علاوہ کوئی بھی نیا کارگو نہیں لیں گے۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ پہلے کارگو کے بعد پی آر ایل کی جانب سے روس سے تیل نہیں منگوایا گیا اور ہمارے پاس ایل این جی سرپلس ہے لہٰذا ہم کسی سے کوئی نیا کارگو نہیں لے رہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

قومی اسمبلی کی درخواست منظور کرتے ہوئے کیا جس میں انہوں نے اپنے خلاف دائر کردہ انتخابی عذر داریاں دوسرے ٹریبونل منتقل کرنے کی استدعا کی تھی۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ کی جانب سے جاری کردہ 3 علیحدہ مگر ایک جیسے حکم ناموں میں اقدام کو آئین کی دفعہ 218(3) اور 10اے جبکہ الیکشن ایکٹ کے سیکشن 3، 4 اور 151 کے تحت درست قرار دیا ہے۔ اسلام آباد کے قومی اسمبلی کے تینوں حلقوں سے متعلق انتخابی عذرداریاں اب الیکشن ٹریبول راولپنڈی کو منتقل کردی گئی ہیں جس کی سربراہی جسٹس (ر) عبدالشکور پراچہ کررہے ہیں جنہیں اب اسلام آباد کا اختیار بھی تفویض کردیا گیا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ جسٹس طارق محمود جہانگیری پر مشتمل الیکشن ٹریبونل اسلام آباد کا سابقہ نوٹیفکیشن واپس لیا جاتا ہے، دفتر کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اس کے مطابق کارروائی کرے۔ یہ فیصلہ مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، راجہ خرم نواز اور انجم عقیل خان کی درخواستوں پر کیا گیا ہے، درخواست گزاروں میں پی ٹی آئی کے شعیب شاہین، سید محمد علی بخاری اور عامر مغل شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے ایک حکم نامے میں لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ قانونی کارروائی کا تصور اس خیال پر منحصر ہے کہ قانونی کارروائی طے شدہ قواعد کے مطابق کی جائے، مدعی کے حقوق کا فیصلہ کرنے کے لیے قانونی دفعات اور طے شدہ اصولوں کا اظہار کریں۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ 18 ویں ترمیم کے ذریعے آئین میں آرٹیکل 10 اے کی شمولیت کے بعد منصفانہ ٹرائل اور مناسب طریقہ کار بنیادی حقوق میں شمار ہوتا ہے۔ حکم نامے میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے اس حکم کا بھی ذکر کیا گیا ہے جس میں الیکشن کمیشن کی جانب سے جسٹس (ر) عبدالشکور پراچہ کو راولپنڈی اور اسلام آباد کے لیے ٹریبونل کا سربراہ مقرر کرنے کا حکم کالعدم قرار دیا گیا تھا، حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ اس فیصلے کی واحد بنیاد یہ تھی کہ الیکشن کمیشن نے جلد بازی میں کارروائی کی۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ عدالت نے یہ بھی کہا کہ تبادلے کا اختیار نگرانی اور انتظامی نوعیت کا ہے اور ہر متعلقہ شخص کو موقع فراہم کرنے کے بعد اس کا استعمال کیا جانا چاہیے۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ہائی کورٹ نے کمیشن کے حکم کو مسترد کرنے کے لیے کسی اور بنیاد کا ذکر نہیں کیا، موجودہ معاملے میں جو قانونی چارہ جوئی کا دوسرا دور ہے، کمیشن نے فریقین کو اضافی بنیاد، تحریری جوابات، ترمیم شدہ جوابات اور وسیع دلائل داخل کرکے اپنے موقف کا دفاع کرنے کا کافی موقع فراہم کیا ہے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے مسلم لیگ (ن) کے ارکان کی درخواست پر جسٹس طارق محمود جہانگیری کی جگہ جسٹس ریٹائرڈ عبدالشکور پراچہ کو الیکشن ٹریبونل بنایا تھا جسے پی ٹی آئی امیدواروں نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 11

کو ہوگا۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کریں گے۔ معاشی ماہرین کے مطابق پالیسی کی شرح میں دسمبر میں مزید 150 سے 200 بیسس پوائنٹس کی کمی متوقع ہے۔ پالیسی کی شرح چار جائزوں میں 22 فیصد سے 15 فیصد تک کم کی جاچکی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر نے سمری محکمہ خزانہ کو ارسال کر دی، لاہور ہائیکورٹ کے 6 3اور ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے 7 6 6ججز کو ہیلتھ انشورنس ملے گی، سینئر سول جج 110، سول جج 981 کو بھی ہیلتھ انشورنس ملے گی، ججز کو ہیلتھ انشورنس فیملی سمیت دی جائے گی، ججز سرکاری ہسپتالوں و گورنمنٹ کے پینل ہسپتالوں میں مفت علاج کرواسکیں گے، محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر نے ہیلتھ انشورنس کیلئے 35 کروڑ مانگ لئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 13

نے ڈی جی ایس بی سی اے اور دیگر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کردی۔ عدالت نے توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 9 دسمبر کو جواب طلب کر لیا۔ درخواست کی سماعت ریگولر بینچ کرے گا یا نہیں سندھ ہائی کورٹ نے درخواست گزار کے وکیل سے دلائل طلب کر لیے۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ عدالت نے ایس بی سی کو فوری ڈینٹل کلینک ڈی سیل کرنے کا حکم دیا تھا، عدالتی احکامات کے باوجود ڈینٹل کلینک ڈی سیل نہیں کیا جا رہا۔ واضح رہے کہ 22 نومبر کو سندھ ہائی کورٹ نے علوی ڈینٹل کلینک کو ڈی سیل کرنے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 14

حفاظتی ضمانت دے دی ہے، آئین ہمیں احتجاج کا حق دیتا ہے، 26 نومبر کو ظلم ہوا، آئین ہر شہری کو اپنے حق کے لیے آواز اٹھانے کا حق دیتا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ وفاقی حکومت نے شہریوں پر گولیاں چلائیں اور شیلنگ کی، تاریخ میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی، ہم نے ہمیشہ آئین و قانون کا احترام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور کارکنوں کو غیر قانونی طور پر جیل میں رکھا گیا ہے، ہم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں، افسران کو بتانا چاہتا ہوں کہ قانونی حد سے آگے نہ بڑھو۔ اسد قیصر نے کہا کہ ہمارا احتجاج ختم نہیں ہوا، قید رہنما اور کارکنوں کی رہائی پہلی ترجیح ہے، پارٹی کے شہداء کے گھروں کو جائیں گے، اس ظلم کے خلاف انٹرنیشنل فورم پر بھی آواز اٹھائیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کی ذمے داری ہے کہ غیر قانونی حکومت کے خلاف آواز اٹھائیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

کو نقصان پہنچانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ہر پیشی پر مجھے لوگوں کو بتانا پڑتا میری ویڈیو ڈیپ فیک ہے۔ ایسے کیسز میں عدالتی نظام اور تفتیش کے طریقہ کار کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ سائبر کرائم یونٹ کی صلاحیت میں اضافہ بھی اثر حاضر کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت جب ہتک عزت کا قانون لائی تو کچھ لوگوں نے تنقید کی اور کہا کہ پنجاب حکومت قانون سازی سے اختلاف رائے کو دبا رہی ہے۔ لیکن اب لوگوں کو احساس ہورہا ہے کہ ہتک عزت کا قانون درست ہے۔ فیک ویڈیو کے معاملے میں میری پوری فیملی نے میرا ساتھ دیا۔

بقیہ بقیہ جات 16

اجمل خان مہمند کے ذریعے ڈی چوک مقدمے کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی ہے، جس میں تھانہ سیکرٹریٹ میں درج مقدمے سے دہشت گردی کی دفعات کی نکالنے کی استدعا کی گئی ہے۔ علی امین گنڈاپور کی جانب سے دائر کی گئی درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ احتجاج کے لیے آئینی حق کو استعمال کیا، پولیس نے دہشت گردی کا مقدمہ درج کر لیا۔ 26 نومبر کو اسلام آباد کے تھانہ سیکرٹریٹ میں مقدمہ درج ہوا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ حتمی فیصلے تک ایف آئی آر یا دہشت گردی کی دفعات کو معطل کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 17

وزیر رانا تنویر حسین کے بھائی رانا افضال حسین کے انتقال سے خالی ہونے والے حلقہ پی پی 139 میں ضمنی انتخاب کے لئے ووٹنگ آج ہوگی، حلقے میں پاکستان مسلم لیگ (ن) اور تحریک انصاف کے درمیان کانٹے کے مقابلہ کا امکان ہے، ضمنی انتخاب کے موقع پر حلقے میں عام تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ ضمنی انتخاب میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی طرف سے رانا طاہر اقبال، تحریک انصاف کے اعجاز حسین بھٹی اور تحریک لبیک کے محمد فاروق الحسن سمیت 8 امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ الیکشن کمیشن پنجاب کے ترجمان کے مطابق مذکورہ حلقے میں آج جمعرات صبح 8 سے شام 5 بجے تک پولنگ ہوگی، حلقے میں 1 لاکھ 93 ہزار ووٹرز کے لیے 124 پولنگ اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں ضمنی انتخاب کے لیے 124 پریذائیڈنگ افسران 359 اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ ترجمان کے مطابق ضمنی انتخاب کے موقع پر پرامن وامان برقرار رکھنے کیلئے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے کہا کہ عوام الناس بلاخوف و خطر پولنگ اسٹیشن پر اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے آئیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

فراہمی کا آج (جمعرات) سے آغاز ہوگا۔ کارڈ کے ذریعے چار ماہ کے لئے بلاسود قرضہ جات کی سہولت میسر ہوگی۔ فی جانور ستائیس ہزار روپے قرض کی فراہمی ہوگی جبکہ مجموعی طور پر ایک لاکھ پینتیس ہزار سے دو لاکھ ستر ہزار تک کے قرضے کی سہولت حاصل کی جاسکے گی۔ لائیو سٹاک کارڈ کے ذریعے ہر تحصیل کے رجسٹرڈ ڈیلرز سے ونڈا، سائلج اور منرل مکسچر خریدا جاسکے گا۔

بقیہ بقیہ جات 19

انجینئر امیر مقام کی زیر صدارت گلگت بلتستان کی ترقی سے متعلق وزیراعظم کی ہدایت پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر امور کشمیر گلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی، وفاقی سیکرٹری وزارت امور کشمیر گلگت بلتستان وسیم اجمل چوہدری اور چیف سیکرٹری گلگت بلتستان ابرار احمد مرزا نے شرکت کی۔ بدھ کو یہاں جاری بیان کے مطابق اجلاس میں گلگت بلتستان کی ترقی کیلئے وزیراعظم کی ہدایات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام گلگت بلتستان کی ترقی ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم شہباز شریف گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں، وفاقی حکومت گلگت بلتستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ اجلاس میں گلگت بلتستان میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کے قیام پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے سالانہ ترقیاتی منصوبے پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلیٰ سطحی اجلاس میں پی ایس ڈی پی میں سے گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ کے سولر پراجیکٹس کی صورتحال پر پیشرفت پر مزید غور کیا گیا۔ اجلاس میں گلگت شندور روڈ پر پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں جگلوٹ سکردو روڈ کی بحالی اور تعمیر پر بھی بات چیت کی گئی۔ اجلاس میں وزارت خزانہ، تجارت، منصوبہ بندی و ترقیات، وزارت داخلہ، وزارت مواصلات اور دیگر متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 20

کے اضافے سے 1لاکھ 5 ہزار 1 6 پر آ گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ابتک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 5 ہزار 294 پوائنٹس کی بلندی تک بھی پہنچا۔ گزشتہ روز انڈیکس 1 لاکھ 4 ہزار 865 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 21

جے یو آئی لاہور کے راہنما حافظ بلال درانی نے خصوصی ملاقات کی، اس میں مدارس بل پر حکومت کو دی گئی ڈیڈ لائن پر بات چیت کی گئی۔ مولانا فضل الرحمان نے جے یو آئی لاہور کے رہنماؤں کو خصوصی ہدایات دیں، مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ حکومت نے 7 دسمبر تک مدارس بل پر دستخط نہ کئے تو 8 دسمبر کو پشاور میں ہونے والی ریلی میں اہم اعلان کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ 8 دسمبر کو اپنے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا، حکومت پارلیمنٹ سے منظور کردہ ہمارے بل پر دستخط نہیں کر رہی، حکومت نے اپنی مرضی کی قانون سازی کر لی، حکومت بتائے اس نے ابھی تک مدارس بل کے پاس کردہ قانون پر دستخط کیوں نہیں کئے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ حکمرانوں نے مدارس بل پر دستخط نہ کئے تو اسلام آباد کا رخ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 22

رہیں۔ پارٹی ذرائع کے مطابق عظمیٰ بخاری کی کار کو حادثہ جی آر او سے پنجاب یونیورسٹی جاتے ہوئے جیل روڈ انڈر پاس کے نیچے پیش آیا، صوبائی وزیر کے آگے والی کار ایک خاتون چلا رہی تھیں جن کے اچانک بریک لگانے سے تین گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔ صوبائی وزیر خوش قسمتی سے حادثے میں محفوظ رہیں تاہم ان کی گاڑی کو نقصان پہنچا، عظمیٰ بخاری پنجاب یونیورسٹی میں وزیراعلی کی سکالرشپ کی تقریب میں شرکت کیلئے جارہی تھیں۔ صوبائی وزیر پنجاب یونیورسٹی کے لیے متبادل گاڑی میں روانہ ہوگئیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

لوگوں میں تفریق نہ کرنے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیغام پاکستان مذہبی ہم آہنگی اور اعتدال پسندی کا روڈ میپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مذاہب کا پیغام انسانیت محبت اور انصاف پر مبنی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی ترقی امن، ہم آہنگی اور انصاف پر منحصر ہے، پیغامِ پاکستان مذہبی ہم آہنگی اور اعتدال پسندی کا روڈ میپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسندی کے خلاف ہمیں اتحاد اور اعتدال پسندی کو فروغ دینا ہوگا۔ پاکستان کا روشن مستقبل امن اور تنوع میں اتحاد سے ممکن ہے، معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دے کر ترقی کے دروازے کھولے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی، نسلی اور نظریاتی تفریق ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہمیں نفرت کے خلاف کھڑا ہونا ہوگا اور اعتدال پسندی کی آواز بلند کرنی ہوگی، ترقی اور خوشحالی کے لئے امن، انصاف اور ہم آہنگی کا فروغ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

یسطور الحق ملک کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ مطابق صدر مملکت نے ملکی دفاع اور سلامتی کیلئے مرحوم کی خدمات کو سراہا۔ صدر مملکت نے مرحوم کیلئے مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سابق چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل یسطور الحق ملک کی وفات پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔ وزیراعظم نے مرحوم کے اہل خانہ کے لیے صبر واستقامت کی دعا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایڈمرل یسطور الحق ملک کی ملکی دفاع اور سلامتی کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 25

میں سفیر کے طور پر تعینات کیا گیا تھا۔ انہیں امب ترمذی کی جگہ مقرر کیا گیا جبکہ امب ترمذی کو برسلز میں تعینات کردیا گیا تھا۔ نئے انتظام کے تحت لیفٹیننٹ جنرل عامر کو قطر میں سفیر نامزد کیا گیا ہے جبکہ امب ترمذی متحدہ عرب امارات میں ہی رہیں گے۔ دریں اثنا قطر میں موجودہ سفیر ڈاکٹر محمد اعجاز کو بیلاروس میں دوبارہ سفیر مقرر کردیا گیا ہے۔ مرغوب سلیم بٹ، جو اس وقت ہیڈ کوارٹر میں مقیم ہیں، سوئٹزرلینڈ میں سفیر کا عہدہ سنبھالیں گے۔ شوکت کو بدلے میں قاہرہ منتقل کر دیا گیا ہے جہاں وہ سفیر ساجد اقبال کی جگہ لیں گے۔ عمان سے واپس آنے والے سفیر عمران چوہدری کی جگہ نوید بخاری لیں گے جو اس وقت نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد میں نیشنل مینجمنٹ کورس میں شریک ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

بیان میں کہا ہے کہ جعلی حکومت بانی پی ٹی آئی کے بغض میں نسلی تعصب کو پروان چڑھا رہی ہے، جڑواں شہروں میں پشتونوں کو ظلم و تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ پشتو زبان بولنے والوں کو قیدی وین میں ڈال دیا جاتا ہے، غریب پشتونوں کو پی ٹی آئی کارکن ظاہر کرکے ظلم ڈھائے جارہے ہیں، بانی پی ٹی آئی کے بغض میں جعلی حکومت نفرتوں کو فروغ دے رہی ہے، نام نہاد قوم پرست جماعتوں نے بھی پشتونوں کی تضحیک پر چپ سادھ لی ہے۔ بیرسٹر سیف کا مزید کہنا تھا کہ افغان باشندوں کی تضحیک دو ملکوں کے درمیان نفرتوں کو بڑھاوا دے رہی ہے، افغان ہمارے مسلمان بھائی ہیں، ان کی عزت اور تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، افغانستان کے ساتھ خراب تعلقات کا براہ راست اثر خیبر پختونخوا پر پڑتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

ہونے سے پاکستان کو فی گھنٹہ 2.2 ملین ڈالر کا نقصان ہوتا ہے۔ نیٹ بلاکس ایک ایسا ادارہ ہے جو ورلڈ بینک، انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین اور یوروسٹیٹ سے ڈیٹا لیتا ہے۔ یہ ٹول نیٹ ورک کے استحکام کو ٹریک کرتا ہے اور حقیقی وقت میں انٹرنیٹ کی بندش کی نگرانی کرتا ہے۔ طفیل خان نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انٹرنیٹ کی بندش ڈیلیوری رائیڈرز، آئی ٹی سے وابستہ افراد اور آن لائن ٹیکسی چلانے والوں کو متاثر کرتی ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ وی پی این اور سوشل میڈیا فرینڈلی پالیسیاں بنائے۔ فری لانسرز باڈی کے صدر نے حکومت پر زور دیا کہ وہ انہیں پالیسیوں پر بات چیت کا حصہ بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

سے کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا تاہم عسکریت پسند تنظیم نے اپنے کمانڈر کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ افغان سیکیورٹی فورسز کے ذرائع نے بتایا کہ شاہد عمر کو اس وقت گولی مار کر ہلاک کیا گیا جب وہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ افغان طالبان کی طرف سے دیے گئے ظہرانے میں شرکت کے بعد واپس جارہے تھے۔ رپورٹس کے مطابق پاکستان کے سیکیورٹی حکام نے بتایا کہ ٹی ٹی پی کمانڈر شاہد عمر کے سر کی قیمت ایک کروڑ روپے مقرر کی گئی تھی۔ ہلاک ہونے والا یہ دہشت گرد کالعدم ٹی ٹی پی کا سینئر کمانڈر تھا، جس نے افغان طالبان کی رہائی سے قبل بگرام جیل میں 8 سال گزارے۔ وہ ڈیرہ اسماعیل خان کے لیے ٹی ٹی پی کے شیڈو گورنر بھی رہے اور عسکریت پسند تنظیم کے فوجی کمیشن کے رکن کے طور پر بھی خدمات انجام دیتے رہے۔ اس کے علاوہ، ٹی ٹی پی کے دیگر کمانڈروں کی ہلاکت کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، لیکن اس خبر کے شائع ہونے تک ان کی تصدیق نہیں ہوسکی تھی۔ رحیم اللہ کی ہلاکت نہ صرف ٹی ٹی پی کے لیے ایک بڑا دھچکا ہے، بلکہ یہ افغان طالبان حکومت کے لیے بھی شرمندگی کا باعث ہے، جو پاکستان کی جانب سے سرحد پار دہشت گرد حملوں میں ٹی ٹی پی کی موجودگی کی نشاندہی کے باوجود مسلسل ان دہشت گردوں کی افغانستان میں موجودگی کا انکار کرتی رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

پاکستان میں گاڑیوں کی عارضی درآمد کی منظوری دے دی ہے۔ ترمیم شدہ کسٹمز رولز 2001 کے مطابق ایس آر او 1965 میں بیان کیا گیا کہ بینک گارنٹی کی بنیاد پر گاڑیاں درآمد کرنے والے سیاح اب اپنی گاڑیاں کسٹم افسر کے ذریعے لا سکتے ہیں۔ ڈیلیوری بغیر کسی کسٹم ڈیوٹی کے ہوگی، بشرطیکہ سیاح واضح کرے کہ وہ پاکستان میں قیام کے دوران گاڑی کی ملکیت کسی اور کو منتقل نہیں کرے گا۔ اگر سیاح تین ماہ کی مدت میں گاڑی برآمد کرنے سے قاصر ہے، تو وہ توسیع کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ توسیع تین ماہ سے زیادہ نہیں ہوگی۔ ایک سال کے اندر وہی گاڑی دوبارہ پاکستان میں داخل ہونے کی صورت میں صرف 14 دنوں کے لیے عارضی اجازت ہوگی، الا یہ کہ گاڑی کسی تسلیم شدہ غیر ملکی ٹور ایجنسی کے ذریعے چلائی جارہی ہو۔ ایسے معاملات میں، ایک وقت میں تین ماہ تک دوبارہ داخلے کی اجازت ہوگی۔ ایسی صورتوں میں جہاں صحت کے مسائل، حادثات یا دیگر بے قابو حالات کی وجہ سے گاڑی برآمد نہیں کی جاسکتی ہے، چیف کلکٹر کسٹمز چھ ماہ تک توسیع دے سکتا ہے۔ مدت میں توسیع کا تعلق اوریجنل گارنٹی سے مشروط ہے، اگر توسیع حاصل کرنے میں ناکامی پر گاڑی سے دستبردار ہونا پڑے گا اور متعلقہ حکام کے فیصلہ کریں گے۔ مزید برآں، اگر کوئی سیاح پاکستان سے کسی غیر ملکی منزل پر جانے کے ارادے سے گاڑی درآمد کرتا ہے، اور اس کے پاس بینک گارنٹی نہیں ہے، تو کسٹمز افسران کسٹم ڈیوٹی ادا کیے بغیر گاڑی کو پاکستان سے گزرنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ یہ ایسکارٹ چارجز پر مشروط ہے، جس کا تعین متعلقہ کلکٹر کرے گا، اور گاڑی کی تفصیلات سیاح کے پاسپورٹ میں درج کی جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 30

پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار نے پی ٹی آئی رہنماؤں کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے اسد قیصر، شہرام ترکئی، شہریار آفریدی کو حفاظتی ضمانت دے دی، صوبائی وزیر تعلیم فیصل ترکئی سمیت دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی بھی حفاظتی ضمانت منظور کرلی گئی۔ عدالت نے وفاقی اداروں سے مقدمات کی تفصیلات بھی طلب کرلیں۔

بقیہ بقیہ جات 31

مطابق دنیا بھر کے ماہرین نے جھوٹی معلومات اور غلط بیانیے کو آئندہ دو سالوں میں کئی ممالک کے لیے ایک سنگین چیلنج قرار دیا ہے۔ یہ مسئلہ نہ صرف معاشرتی بلکہ اقتصادی، سیاسی اور ماحولیاتی شعبوں پر بھی گہرے اثرات ڈال رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان بھی اس مسئلے سے شدید متاثر ہو رہا ہے۔ پاکستان میں جھوٹی معلومات اور گمراہ کن غلط بیانیے کے خطرات آئندہ دو سالوں میں سب سے زیادہ اہم چیلنجز میں شامل ہوں سکتے ہیں اور جھوٹی معلومات کا یہ خطرہ ملک کو درپیش مجموعی چیلنجز میں چوتھے سے چھٹے نمبر پر ہے۔ پاکستان میں مس انفارمیشن کے ذریعے فرقہ واریت، مذہبی تنازعات اور سماجی تقسیم کو ہوا دی جارہی ہے جس سے معاشرتی ہم آہنگی متاثر ہورہی ہے۔ یہ مسئلہ نہ صرف سماجی انتشار بلکہ سیاسی بے چینی، جمہوری اداروں کی ساکھ اور عوامی اعتماد کو متاثر کررہا ہے۔ بھارت میں یہ خطرہ پہلے نمبر پر ہے اور امریکا میں چھٹے نمبر پر ہے جبکہ برطانیہ اور میکسیکو اس فہرست میں گیارہویں نمبر پر ہیں۔ انڈونیشیا میں یہ خطرہ اٹھارہویں نمبر پر آتا ہے۔ عالمی اقتصادی فورم کے تجزیے کے مطابق، اگر اس مسئلے کو قابو نہ کیا گیا تو یہ جمہوری اداروں کو کمزور کرنے اور سیاسی عدم استحکام کا باعث بن سکتا ہے۔ جھوٹی معلومات کے اس بڑھتے ہوئے طوفان کو روکنے کے لیے، نہ صرف قانون سازی بلکہ سماجی شعور، تعلیمی اصلاحات، اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی شفافیت کے لیے بھی اقدامات ضروری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

کی رہائی سے متعلق پیش گوئی کردی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل سے باہر نکلتے نہیں دیکھ رہا۔ منظور وسان کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نیا سال بھی جیل میں رہیں گے۔ انہوں نے بانء پی ٹی آئی کو خاموش رہنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ بانء پی ٹی آئی کے لیے بہتر ہے کہ خاموشی اختیار کریں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ پی ٹی آئی دھرنوں سے گریز کریں اور پارٹی مضبوط کرنے کی کوشش کریں۔

بقیہ بقیہ جات 33

آہنگی میں ہوا، اجلاس میں وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی چوہدری سالک حسین، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے شرکت کی، اجلاس میں قومی کمیشن برائے اقلیت بل 2024 کا جائزہ لیا گیا، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ قومی کمیشن برائے اقلیت کو وزارتی دباؤ سے آزاد اور خودمختار بنایا جانا چاہیئے، ذیلی کمیٹی نے بھی کمیشن کو مالی اور انتظامی خودمختاری دینے کی تجویز دی ہے، کمیشن 13 ارکان پر مشتمل ہوگا جس میں سے 9 ارکان اقلیتوں سے ہوں گے، کمیٹی نے قومی کمیشن برائے اقلیت سے متعلق ذیلی کمیٹی سے متعلق ترامیم کو بل کا حصہ بناتے ہوئے وزارت قانون و انصاف کو تین دن کے اندر قومی کمیشن برائے اقلیت بل 2024 کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کردی، کمیٹی نے اجلاس میں بین المذاہب ہم آہنگی پالیسی اور مذہبی برداشت کے فروغ کی پالیسی کا جائزہ لیا، وفاقی وزیر رانا ثنا نے کہا کہ اسلام میں مساجد کو انتہائی اہمیت حاصل ہے، بین المذاہب ہم آہنگی پالیسی میں مساجد کو بطور کمیونٹی سینٹر کے طور پر فعال کرنے کی تجویز بھی شامل کی جائے، وفاقی وزراء پر مشتمل کمیٹی نے دونوں پالیسیز سے متعلق ذیلی کمیٹی کی ترامیم کو پالیسیز کا حصہ بناتے ہوئے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کو بین المذاہب ہم آہنگی پالیسی اور مذہبی برداشت کے فروغ کی پالیسی کو وفاقی کابینہ کے اجلاس میں حتمی منظوری کیلئے پیش کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 34

کے ماتحت 15 یونٹس مختلف کردار ادا کریں گے۔ رائیٹ مینجمنٹ ٹیم کو موب کنٹرول یونٹ، واٹر کینن یونٹ، ربڑ بلٹ یونٹ، اسٹن گن یونٹ میں تقسیم کیا جائے گا۔ پولیس ذرائع نے مزید بتایا کہ رائیٹ ٹیم تربیت یافتہ کتوں کا استعمال بھی کرے گی۔ رائیٹ منجمنٹ ٹیم کو سرویلنس ڈرونز، الیکٹرک شاک شیلڈز، جدید ڈسکلو سمیت 25 اقسام کے آلات فراہم کیے جائیں گے۔ فورس کو کارروائی کے لیے قانونی اختیارات فراہم کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 35

ہے کہ تمام چھوٹی بڑی گاڑیوں کو فٹنس سرٹیفکیٹ اتھارٹی سے تصدیق نامہ حاصل کرنا ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام وزارتوں اور ان کے ذیلی محکموں کے زیر استعمال تمام گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ حاصل کیے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ پنجاب حکومت نے گاڑیوں کا معائنہ کروانے کے لیے 30 جنوری تک کی ڈیڈ لائن مقرر کردی ہے اور تمام وزارتوں و محکموں کو اس تاریخ تک گاڑیوں کا معائنہ کروانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

2023- کے دوران لاسزز کی شرح 16 فیصد تھی جس سے 160 ارب روپے کا نقصان ہوا تھا، بہتری کے بجائے اسی سال لاسزز میں 2 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ یاد رہے کہ نیپرا نے صرف 11 فیصد لاسزز کی اجازت دے رکھی ہے، دوسری جانب فروخت کی گئی بجلی کے بلوں کی ریکوریاں بھی بہتر نہ ہو سکیں، رواں مالی سال میں بجلی کی ریکوری 93 فیصد پر آئی ہے جس سے 310 ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے۔ مالی سال 2023-24 کے دوران ریکوری کی شرح 94 فیصد تھی جس سے 274 ارب کا نقصان ہوا تھا تاہم اسی سال بہتری کے بجائے اس میں بھی کمی آئی ہے۔ ذرائع پاور ڈویژن نے یہ بھی بتایا کہ پاور جنریشن کاسٹ میں اضافہ ہونے سے بھی رقم کی اس حجم میں اضافہ ہوا ہے کیونکہ گزشتہ سال جنریشن کاسٹ اوسط 18 روپے سے 20 کے آس پاس تھی جو اس سال بڑھ کر اوسط 27 روپے تک پہنچ گئی ہے، ان نقصانات سے گردشی قرضے میں بھی اضافہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 37

کے فورا اندراج کیلئے او پی سی پنجاب کے دفتر میں بہت جلد خدمت مرکز کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ ڈی او پی سی میں خواتین کی نمائندگی کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کی او پی سی میں تحصیل کی سطح پر نمائندگی کو یقینی بنایا جائیگا۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی بلاجھجک پورٹل پر شکایات درج کر سکتے ہیں۔ اجلاس میں کمشنرز او پی سی مرزا نصیر عنایت، ڈی جی او پی سی فیصل فرید و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 38

لیے 20 دن کے لیے حفاظتی ضمانت دی جائے تا کہ متعلقہ عدالتوں سے رجوع کر سکیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے استدعا کی ہے کہ سندھ پولیس کو درخواست گزار کی گرفتاری سے روکا جائے، عارف علوی کا نام نامعلوم ایف آئی آرز میں شامل کرنے سے روکا جائے۔ عدالت نے اپنے حکم میں کہا کہ کیس کی مزید سماعت کے لیے معاملہ آئینی بینچ کو بھیجا جارہا ہے، مقدمات کی تفصیلات سمیت دیگر معاملات آئینی بینچ دیکھے گا۔ سابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سندھ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے مقدمات نہ جانے کہاں کہاں درج کیے گئے ہیں، جن کا مجھے نام بھی معلوم نہیں۔ ایف آئی آرز تو ہوتی ہی اسی لیے ہیں تا کہ گرفتار کریں، ہمارے ایک دوست جس کا آپریشن ہوا ہے وہ امریکا میں ہے اس کا نام بھی ایف آئی آر میں شامل ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ اسلام آباد میں جو کچھ ہوا ہے اس پر آپ کی کیا رائے ہے؟ انہوں نے کہا کہ جو قوم کی رائے ہے وہ میری رائے ہے، لوگوں کو مارا گیا ہے، کیوں مارا گیا ہے، کہتے ہیں گولی نہیں چلی، کراچی میں چار میل دور گولی چلتی تھی لگتا تھا میرے گھر میں چلی ہے۔ سابق صدر نے کہا کہ جھوٹ بھی ایسا بولو جو چل سکے، ہلاکتوں کو چھپایا جارہا ہے، پی ٹی آئی کوئی تحقیقاتی ادارہ نہیں ہے جو تحقیقات کرے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ تحقیقات کرنا تو سرکار کا کام ہے، پی ٹی آئی کو سرکار دے دیں تحقیقات کر کے دے دے گی۔

بقیہ بقیہ جات 39

گزار وقاص مسیح کو قبضہ دلوادیا۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ قبضہ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جائیداد ہتھیانے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ اقلیتی برادری کے حقوق کی حفاظت کے لئے میثاق سنٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میثاق سنٹرز اقلیتی برادری کو فوری ریلیف کی فراہمی کا بہترین فورم ثابت ہوئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی لاہور پولیس کا اہم فریضہ ہے۔ وقاص مسیح نے مکان کا قبضہ واپس دلوانے پر لاہور پولیس کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ وقاص مسیح نے کہا کہ میرے مکان کی واگزاری میرے لئے ایک بہترین کرسمس گفٹ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

اسلام کا بنیادی منشور ہے اسلام احترام انسانیت کا دین ہے اسلام بلاتفریق ہر انسان سے بہتر سلوک اور اس کی عزت وآبرو کی حفاظت کا درس دیتا ہے، دشمن کے مقابلے میں خود کو مضبوط رکھ کر دفاع کرنا سنت رسول ﷺ ہے، کیونکہ اسلام ہمیں اپنی جان مال اور دین کی حفاظت کا حکم دیتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے نہ صرف امن کی تعلیم دی بلکہ ضرورت کے وقت خود دفاع کرنے اور دشمن کے حملے کا جواب دینے کی ہدایت بھی فرمائی۔

بقیہ بقیہ جات 41

ولی عہد محمد بن سلمان کے ساتھ ملاقات انتہائی اہم رہی، پاک سعودی تعلقات نے ایک نیا موڑ لیا ہے۔ بدھ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کے حالیہ دورہ سعودی عرب کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف سعودی عرب کا کامیاب دورہ مکمل کر کے وطن واپس آگئے ہیں، وزیراعظم کا دورہ انتہائی اہمیت کا حامل رہا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے ساتھ وزیراعظم شہباز شریف کی پانچویں ملاقات تھی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مختصر عرصے میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات میں بہت زیادہ بہتری آئی ہے، دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ سعودی عرب پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے جارہا ہے، دونوں ملکوں کے درمیان طے پانے والے معاہدے حقیقت کا روپ اختیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے بڑے منصوبے پاکستان میں شروع ہو رہے ہیں، سعودی عرب کے ساتھ 28 ایم او یوز پر دستخط ہوئے تھے جن میں سے آٹھ منصوبوں پر کام شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے سعودی عرب میں واٹر سمٹ سے خطاب کیا اور فرانس کے صدر میکرون سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور ولی عہد کے درمیان گزشتہ روز تاریخی ملاقات ہوئی۔ پاک سعودی تعلقات نے ایک نیا موڑ لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی سرمایہ کاری پر بھرپور توجہ ہے، حکومت کے معاشی اقدامات کی بدولت پاکستان میں چھ سال بعد مہنگائی 4.8 فیصد پر آ چکی ہے، سٹاک مارکیٹ ایک لاکھ پوائنٹس کی حد عبور کرگئی ہے، شرح سود 15 فیصد اور کائیبور 13 فیصد پر آ گیا ہے، مہنگائی چھ سال کا ریکارڈ توڑ کر کم ترین سطح پر آ گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت کے دوران جہاں دوست ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہوئے وہاں ان کی معیشت پر بھی کوئی توجہ نہیں تھی، آج دنیا بھر کے رہنماء پاکستان کی معاشی بحالی و ترقی کو سراہا رہے ہیں، معیشت ترقی کر رہی ہے، تمام معاشی اشاریے بہتر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے رہنما پاکستان آ رہے ہیں، حال ہی میں بیلاروس کے صدر پاکستان کا دورہ مکمل کر کے گئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سعودی عرب کے ولی عہد نے ہمیشہ گرمجوشی کا مظاہرہ کیا، وہ پاکستان کیلئے اچھے تاثرات رکھتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کی ان کے ساتھ ملاقات غیر معمولی رہی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات میں مزید بہتری آئی ہے، سعودی قیادت نے حکومت پاکستان کی جانب سے منصوبوں کے آغاز پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کا فروغ اور معاشی تعاون میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، آنے والے دنوں میں پاکستان میں مزید سرمایہ کاری آئے گی، روزگار پیدا ہوں گے، مہنگائی کم ہوگی، عوام کو ریلیف ملے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی بہت کامیابی سے آگے بڑھ رہی ہے، سعودی عرب اور پاکستان مشکل وقت کے ساتھی ہیں، وزیراعظم شہباز شریف نے خادم الحرمین الشریفین کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دونوں ممالک نے تجارت اور سرمایہ کاری کے حوالے سے تعاون کو مزید بڑھانے اور مثالی تعلق کو مزید مضبوط کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا سعودی عرب کا دورہ ایک اہم سنگ میل تھا۔ وزیراعظم نے واٹر سمٹ میں پاکستان کا بھرپور موقف پیش کیا، وہاں انڈس واٹر ٹریٹی کی بھی بات کی اور پاکستان کی اہمیت اور ضرورت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور پاکستان کی معیشت مزید ترقی کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 42

عدالت کو بتایا کہ گمشدہ محمد یوسف کے خلاف 3 مقدمات درج ہیں، لیکن عدالت نے آئی او سے استفسار کیا کہ آپ کے پولیس رولز کیا کہتے ہیں، کبھی پڑھے ہیں؟ عدالت نے تفتیشی افسر کو جھاڑ پلاتے ہوئے کہا کبھی زحمت بھی کی پولیس رولز پڑھنے کی؟ عدالت نے کہا گمشدہ شہری اگر ملزم ہے تو اسے ڈھونڈ کر گرفتار کیا جائے، شہری کا خاندان بھی کہہ رہا ہے کہ اگر کسی نے قتل کردیا ہے تو لاش تو ملے، عدالت نے 2018 میں ججمنٹ دی تھی کہ ملزمان کا ڈیٹا ویب سائٹ یا ایپ پر رکھا جائے۔ عدالت نے کہا کہ ملزم مارا گیا ہو یا گرفتار ہو تو اس سے متعلق معلومات ایپ پر ہونی چاہئیں، عدالت نے پولیس کے تفتیشی افسر کو 2018 کی ججمنٹ کا جائزہ لینے کی ہدایت کی اور سیکریٹری سوشل ویلفیئر، سیکریٹری زکو ویلفیئر و دیگر کو نوٹسز جاری کر دیے۔ سندھ ہائی کورٹ نے فریقین کو لاپتا شہری کے اہلخانہ کی مالی معاونت کا بھی حکم دیا، اور 15 دن میں عمل درآمد رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 43

یہ بات نکال دیں کہ بانی چیئرمین عمران خان کو سیاست سے مائنس کیا جاسکتا ہے، آج بھی پاکستان کی سیاست عمران خان کے گرد گھومتی ہے اور یہی مسلط کئے گئے حکمرانوں کا سب سے بڑا روگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی مقبولیت آج بھی برقرار ہے اور ان شا اللہ جب بھی نئے انتخابات ہوں گے چوروں کا ٹولہ آٹھ فروری کو بھول جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 44

رپورٹ کے مطابق نومبر میں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت اکتوبر 2022 کے بعد اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ اے ایچ ایل کے ریسرچ ہیڈ طاہر عباس نے بتایا کہ اسمگل شدہ ایرانی مصنوعات زیادہ تر سندھ، جنوبی پنجاب اور بلوچستان میں فروخت کی جارہی تھی، سخت کارروائیوں کے نتیجے میں اسمگلنگ میں کمی ہوئی ہے، جس سے روایتی پٹرول کی فروخت میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمگل ایندھن پر لیوی وصول نہیں کی جاتی، جس کی وجہ سے خزانہ کو نقصان پہنچتا ہے اور یہ جی ڈی پی میں بھی شمار نہیں ہوتا، جبکہ فیول کی قیمت میں کمی کا بھی فروخت پر مثبت اثر پڑا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں سالانہ بنیادوں پر بالترتیب 12 اور 15 فیصد کمی ہوئی ہے، جبکہ فروخت میں 17 فیصد اضافہ ہوا ہے، جو کہ نومبر میں 0.67 ملین ٹن رہی ہے، طاہر عباس نے اسمگل شدہ مصنوعات کے خلاف آپریشن جاری رکھنے پر زور دیا۔

بقیہ بقیہ جات 45

حاصل کرنے کا طریقہ غیر پائیدار ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے خبردار کیا کہ اگر رئیل اسٹیٹ، ہول سیل، ریٹیل اور زراعت جیسے غیر ٹیکس شدہ شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں شامل نہیں کیا گیا تو حکومت کو تنخواہ دار افراد پر مزید بوجھ ڈالنا پڑے گا۔ ٹیکس چوری پر ایک بین الاقوامی رپورٹ کے مطابق پاکستان کو پانچ بڑے شعبوں میں ٹیکس چوری اور غیر قانونی تجارت کے باعث سالانہ 950 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ صرف غیر قانونی سگریٹ کی تجارت ہر سال 300 ارب روپے سے زیادہ کی ٹیکس چوری کا سبب بنتی ہے۔ یہ حیرت انگیز اعداد و شمار اس دیرینہ مسئلے سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں، جو معیشت سے متعلق قیمتی وسائل کو ضائع کرتا جارہا ہے۔ ٹیکس چوری پر قابو پانے کے لیے حکومت نے بڑی صنعتوں میں پیداوار اور فروخت کی ڈیجیٹل نگرانی کے لیے ایک ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم متعارف کرایا تاہم کئی سال کی تاخیر اور ناقص منصوبہ بندی نے اس اقدام کو بڑی حد تک غیر موثر بنا دیا ہے۔ پاکستان کو اپنے ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور ٹیکس چوری کے لیے سخت سزائیں نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ معاشی تجزیہ کار اسامہ صدیقی کے مطابق حکومت کو تنخواہ دار طبقے پر مالی بوجھ بڑھانے کے بجائے ٹیکس چوری اور غیر قانونی تجارت پر قابو پانے پر توجہ دینی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 46

اسکیم پر 4 ارب روپے کی لاگت آئے گی۔ قرضوں کی واپسی کے لئے 7 سال پر مشتمل آسان شیڈول تجویز کیا گیا ہے، قرضے کی واپسی کی ماہانہ قسط زیادہ سے زیادہ 18 ہزار روپے تک ہوگی۔ اسکیم ریوالونگ فنڈز سسٹم کے تحت آئندہ سات سال تک جاری رہے گی۔ اس اسکیم کے تحت قرضہ حاصل کرنے کے لئے اپنی ملکیتی زمین کا ہونا ضروری ہے، اس موقع پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ لوگوں کو رہائش کی معیاری سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پروگرام پر عملدرآمد سے سماجی اور معاشی حالات کو بہتر بنانے میں بھی مدد ملے گی، اسکیم کے تحت بلاسود قرضوں کی فراہمی کے عمل میں شفافیت کو ہر لحاظ سے یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ یہ قرضے صرف حقدار لوگوں کو دیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

ٹیکسوں میں واضح چھوٹ دی جائیں۔ ٹیکسوں کے بھاری بوجھ بجلی گیس پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کر کے ملکی ترقی کے راستے آسان بنائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

موجودہ حالات کے مطابق تبدیل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ہم بارہا یہ پیشکش کر چکے ہیں کہ پنجاب بار کونسل اس کے لئے ہر طرح کی معاونت دینے کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کی فلاح و بہبود کے لئے بھی متعدد اقدامات جاری ہیں۔ چودھری بابر وحید نے حاجی سرفراز وڑائچ کی سماجی خدمات کو بھرپور سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 49

کی صلاحیت کم ہورہی ہے جو خطرناک رجحان ہے، زرعی آمدنی میں کمی کی وجہ سے زرعی متعلقہ اشیاء، تعمیراتی میٹریل، کپڑے، گاڑیاں اور دیگر سامان کی طلب بھی کم ہورہی ہے جس کے نتیجے میں معیشت پر دباؤ آ رہا ہے۔ ”پاکستانی معیشت کی بہتری اور ہماری سمت“ کے موضوع پر منعقدہ ایک مذاکرے میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کے ایک ذمہ دار نے یہ تو بتا دیا ہے کہ نومبر میں پالیسی ریٹ میں مزید کمی سے حکومت کو قرض کے اخراجات میں 1.3 کھرب روپے کی بچت ہوگی تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا کہ آیا قرض کے اخراجات میں یہ کمی جو کہ موجودہ اخراجات کا ایک جزو ہے بجٹ میں اس ہیڈ کے تحت کل بجٹ میں اضافے کی شرح کو 14 فیصد کم کرے گی یا جیسے پچھلے سالوں میں ہوتا رہا ہے، یہ بچت اس اضافے کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے استعمال کی جائے گی جو کہ اوسطاً ایک کھرب روپے تک پہنچ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی ترقی میں مستقل یا طویل المدت نہیں ہے بلکہ اس میں گھنٹوں کے حساب سے اتار چڑھاؤ آرہا ہے جس پر ہم اطمینان نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی ترقی کے لئے ہمیں برآمدات خصوصاً آئی ٹی سیکٹر پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی لیکن ہم انٹرنیٹ کے ساتھ جو کر رہے ہیں کیا اس سے آئی ٹی کی انڈسٹری ترقی کر سکتی ہے۔ بہت سے ممالک اپنی ایس ایم ایز کو ویلیو ایڈڈ کر کے برآمدی انڈسٹری میں ڈھال چکے ہیں ہمارے ہاں اس کی کوئی سمت ہی نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

چیئرمین پنجاب سرمایہ کاری بورڈ ملتجی اشرف، چیئرمین ٹیوٹا محمد ساجد کھوکھر، صدر ایوان صنعت و تجارت لاہور میاں ابوذر شاد اور دیگر نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز اور مریم کی دستک کے مابین اشتراک کا معاہدہ بھی ہوا۔ چیئرمین پنجاب سرمایہ کاری بورڈ جلال حسن اور ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ خرم مشتاق نے معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کی رُو سے اب کاروباری سرگرمیوں کے این او سی بذریعہ آن لائن گھر بیٹھے ملیں گے۔ تقریب کے دوران چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ ملتجی اشرف نے صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کو بی ایف سی کا سالانہ میگزین پیش کیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے بی ایف سی کا ایک سال مکمل ہونے پر انتظامیہ کو مبارکباد دی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں قائم 6 بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز سے اب تک مختلف کاروباری سرگرمیوں کیلئے 25 ہزار این او سی جاری ہوچکے ہیں۔ بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام سے این او سی کے حصول کے لئے لوگوں کی دفاتر کے چکر لگانے سے جان چھوٹ گئی ہے۔ بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز میں وفاق کے 5 اور 28 صوبائی محکمے ایک چھت تلے سہولیات دے رہے ہیں۔ کاروباری سرگرمیوں کے لئے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو 10 دن اور ملکی سرمایہ کاروں کو 15 دن میں این او سی مل رہا ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کا دائرہ کار وسیع کیا جارہا ہے، انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی انفراسٹرکچر کو بہتر کیا جارہا ہے اور صنعتی مراکز کو سولر انرجی پر منتقل کیا جارہا ہے۔ وزیر صنعت و تجارت پنجاب نے کہا کہ سولر پینلز کی پنجاب میں مینوفیکچرنگ کیلئے چین کی کمپنی آنکو سے معاہدہ ہوچکا ہے۔ ٹیوٹا کے اداروں کی لیبز اور کورسز کی اپ گریڈیشن کا عمل جاری ہے۔ چیف منسٹر سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بچوں کو آئی ٹی کے شارٹ کورسز مفت کروائے جارہے ہیں۔ مطلوبہ نتائج کے حصول کے لئے فالو اپ بے حد ضروری ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزراء، سرکاری افسران، اہلکاران ذمہ داری سے کام کریں تو آئی ایم ایف سے جان چھوٹ سکتی ہے۔ صوبائی سیکرٹری صنعت و تجارت ڈاکٹر احسان بھٹہ نے بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام، کارکردگی اور دیگر امور پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے دوران بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام کا ایک سال مکمل ہونے پر کیک بھی کاٹا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 51

شاہ نے صحافی سمیع ابراہیم کی عبوری ضمانت خارج کرنے کا فیصلہ سنا دیا۔

بقیہ بقیہ جات 52

گھرانے غیر معیاری گھروں میں رہتے ہیں، جبکہ ملتان، کوئٹہ، کراچی اور حیدرآباد میں گھروں کی شارٹیج سب سے زیادہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

) اپنے اسٹالز پر سبسڈی فراہم کر رہا ہے تا کہ پرزہ جات و اجزاء، لوازمات اور کسٹمائزنگ، کار واش اور دیکھ بھال و مرمت، الیکٹرانکس اور سسٹمز، متبادل ڈرائیو سسٹمز اور ایندھن، باڈی اور پینٹ، ٹائر اور پہیے (وہیل)، تشخیص اور مرمت، موبلیٹی ایس اے سروس اور خودمختار ڈرائیونگ کی برآمدات بڑھائی جا سکیں۔ آٹومیکانیکا استنبول 2024 نے 35 ممالک کے 1,450 سے زیادہ نمائش کنندگان کے جدید ترین مصنوعات اور رجحانات کو پیش کیا اور 152 ممالک سے 60,283 سے زائد وزیٹرز کا استقبال کیا۔ سال 2024 کے ایڈیشن میں پاکستان سے 13 نمائش کنندگان نے شرکت کی جن میں احمد ٹریڈرز، دارسن انڈسٹریز، ایکسیل انجینئرنگ، غوری ٹائر، جنرل ٹائرز، ملٹی ٹیک، پیچ لیس انجینئرنگ، راوی سنڈار، رائل ٹیک، تھل انجینئرنگ، ٹیکنو پاک انڈسٹریز، تھرموسول اور پاکستان ایکیومیولیٹرز شامل ہیں۔ ٹی ڈی اے پی کے تحت ہر اسٹال کی قیمت صرف 637,000 روپے ہے، جبکہ براہ راست اسٹال کی قیمت تقریباً 18,15,000 روپے ہے۔ درخواست دینے کی آخری تاریخ 26 دسمبر 2024 ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

سب انڈیکس میں نومبر 2024 میں ماہانہ 2.4 فیصد جبکہ سالانہ 13.1 فیصد اضافہ ہوا۔ صرف ادویات اور دواں کی قیمتیں ایک ماہ میں 4.4 فیصد بڑھ گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

سربراہ عبدالقیوم رانانے کہا کہ غریبوں کی مدد کر کے دل کو سکون ملتا ہے۔ جب تک زندگی ہے خدمت کا مشن جاری رکھوں گا، تقریب میں معراج النسا کی بچیوں نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 56

حکومتی اقدامات کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ حکومت حالات کو سنبھالا دے تا کہ کاروبار چل سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

سوٹ ویل چیئر واکرز بیساکھی ٹرائی سائیکل اور دیگر گفٹ سے نوازا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 58

وتجارت کو مسائل سے نجات دلائیں۔ بحران زدہ معاشی حالات سے اس وقت ملک میں جاری صورتحال شدید مخدوش ہے۔ ملکی معیشت اور صنعتی و کاروباری امور حکومتی ریلیف کے منتظر ہیں۔ پاکستان کی ترقی و خوشحالی صنعت و تجارت دوست معاشی پالیسیز سے ہی پروان چڑھ سکتی ہے۔ حکومت ایسی اصلاحات لے کر آئے جس سے تاجر اور عام آدمی کو ریلیف مل سکے۔

بقیہ بقیہ جات 59

اور صنعتوں کے چلنے سے ملک میں خوشحالی آئے گی غربت مہنگائی میں کمی آئے گی۔ صنعتکار اور تاجر کو قومی معاشی پالیسز میں مشاورتی عمل میں شامل کرنے سے ملکی ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ پی بی جی قیادت کی صنعتی و کاروباری حلقوں کے حقوق کی ترجمانی کیلئے جدوجہد متحرک ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

کی کم عمری کی شادی کے خلاف سخت اقدامات کیے جارہے ہیں اور چائلڈ میرج ریسٹرینٹ بل تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بل کا مقصد لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی کے لیے کم از کم قانونی عمر 18 سال مقرر کرنا ہے۔ چیئرپرسن نے مزید بتایا کہ بل میں کم عمری کی جبری شادی کروانے اور اس عمل میں معاونت کرنے والوں کے خلاف سخت سزائیں تجویز کی گئی ہیں۔ چیئرپرسن نے کم عمری کی شادی کے خاتمے کے لیے عوامی آگاہی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ناسور کے خاتمے کے لیے سماجی شعور بیدار کرنا ضروری ہے۔ چیئرپرسن سارہ احمد نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر چائلڈ پروٹیکشن بیورو ایسے بچوں اور بچیوں کو تحفظ فراہم کر رہا ہے جو کم عمری کی شادی کا شکار ہوتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت پنجاب بچوں کے تحفظ اور چائلڈ میرج جیسے مسائل کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے اس حوالے سے حکومت پنجاب اور متعلقہ ادارے اس مسئلے کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں تا کہ بچوں کا محفوظ مستقبل یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 61

شکیل احمد نے کی۔ دوران سماعت جسٹس شکیل احمد نے ریمارکس دیے کہ ریاست کا خیال رکھنا چاہیے، نقصان ملک کا ہورہا ہے۔ بعدازاں عدالت نے 24 نومبر احتجاج کے مختلف مقدمات میں تمام درخواست گزاروں کو 27 دسمبر تک راہداری ضمانت دے دی۔ درخواست گزاروں میں سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر شبلی فراز کے علاوہ زرتاج گل، دوار کنڈی، خدیجہ شاہ، ایمان طاہر، نادیہ خٹک سمیت دیگر رہنما شامل ہیں۔ پشاور ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے کہا کہ پی ٹی آئی ملک کی بڑی سیاسی جماعت ہے جس کی چاروں صوبوں سے نمائندگی ہے اور خوش قسمتی ہیکہ ہمیں پشاور ہائی کورٹ سے انصاف مل جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی آزادی نہ ہو تو وہ ترقی نہیں کر سکتا، ہم نے اپنی سرگرمیوں کو آئین و قانون کے دائرے میں رکھا لیکن مشہور سیاسی جماعت کے ساتھ برا سلوک کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کی توقع تھی کہ اپنے دارالخلافہ جارہے ہیں لیکن حکومت کے سلوک سے لگتا ہے شاید ہم یہاں کے باشندے نہیں، ملک کے موجودہ حالات میں سرمایہ کاری کون کرے گا۔

سکھر، 3 دسمبر پوری دنیاں میں معذوروں کا عالمی دن منایا جاتا ہے

معذوروں کے عالمی دن کے حوالے سے اسپیشل ایجوکیشن سکھر ریجن کی جانب سے بیگم نصرت بھٹو وومین یونیورسٹی سکھر میں ایک پر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

سکھر (رپورٹ سلیم رضا شیخ) 3 دسمبر پوری دنیاں میں معذوروں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ معذوروں کے عالمی دن کے حوالے سے اسپیشل ایجوکیشن سکھر ریجن کی جانب سے بیگم نصرت بھٹو وومین یونیورسٹی سکھر میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ منعقد تقریب میں سکھر ریجن کے 8 اسپیشل ایجوکشن سینٹرز کے سینکڑوں بچوں نے سندھی ثقافت کے حسین رنگوں سے سجے لباس زیب تن کئے ہوئی شرکت کی۔ اسپیشل چائلڈ نے قومی گیت اور سندھی ثقافتی ٹیبلوز پیش کی اور شائقین سے خوب داد حاصل کی اور ان کی والہانہ صلاحیتوں کو دیکھ کر یہ ثابت ہوگیا کہ اسپیشل ایجوکیشن کے اسکول کے بچے بھلے بولنے اور سننے کی صلاحیت سے محروم تھے مگر خداد صلاحیتوں سے وہ آج کہ دور کہ کسی بھی صحت مند بچے سے کم نہیں ہیں نصرت بھٹو وومین یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر تہمینہ منگن تقریب کی مہمان خصوصی تھیں جبکہ۔ زونل ہیڈ نادرا سکھر صیف الرحمٰن ریجنل ڈائرکٹر اسپشل ایجوکیشن سکھر ریجن عبدالقدوس میمن ڈائریکٹر، اسفندیار منگی پرنسپل اسپیشل ایجوکیشن سینٹر خیر پور حفیظ اللہ شیخ ڈپٹی ڈائریکٹر سکر منصور حسین شیخ وائیس پرنسپل پروفیسر محمد شاھد اور دیگر اعزازی مہمان تھے اس موقعے پر وائس چانسلر میڈم تہمینہ منگن اور دیگر نے اپنی اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ اسپیشل افراد کو خصوصی سہولیات دیں جائیں گی اور ان کے لئے تعلیم کے ساتھ روزگار کے موقع بھی وسیع پیمانی پر فراہم کیئے جائیں گے ہم۔ ہر پلیٹ فارم پر اسپیشل افراد کے ساتھ ہیں اور ان سے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا اسپیشل بچوں کو اس سے قبل روھڑی کے قدیم اور تاریخی پہاڑوں کے سلسلے پر واقع اروڑ یونیورسٹی اور نصرت بھٹو وومین یونیورسٹی کا وزٹ بھی کرایا گیا جہاں انتظامیہ کے موجودہ ایجوکیشن افسروں نے بچوں اور اسٹاف تمام فیکلٹیز پر تفصیلی اور معلوماتی بریفنگ بھی دی بچوں کے درمیاں ڈرائنگ کے مقابلے بھی کرائیں گے اور پوزیشن لینے والے بچوں کو نقد ایوارڈ بھی دیئے گئے اور بچوں کا اسپیشل پروگرام میجک شو بھی منعقد ہوا تمام بچے مذکورہ تفریحی اور معلومات پروگرام سے خوب لطف اندوز ہوئے اور پروگرام منعقد کرنے پر اسپیشل ایجوکیشن انتظامیہ کی خدمات کو سہرایا گیا اس سے قبل خیر پور سکھر شکار پور اور گھوٹکی سینٹروں میں بچوں اور اسٹاف نے عالمی دن کے حوالے سے ریلیاں بھی نکالی اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ معذور اسپشل افراد کو تمام سہولیات دیں جائیں تا کہ وہ کسی بھی احساس محرومی کا شکار نہ ہوں۔ اور ہر شعبے میں اپنا مقام بنائیں دنیاں میں اپنے پیارے وطن پاکستان کا نام روشن

معذور افراد بھی ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں! رانا محمد سعید

معذور افراد کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے پاکستان سمیت دنیا بھر میں 3 دسمبر کو معذوروں کا دن منایا جاتا ہے مگر ہمیں عملی طور پر سال بھر معذور افراد سے یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے

Voice of Special Person
معذوروں کی آواز...

اسلام اباد (سٹاف رپورٹر) وائس اف سپیشل پرسن کے مرکزی چیئرمین رانا محمد سعید نے معذوروں کے عالمی دن پر خصوصی پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ معذور افراد کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے پاکستان سمیت دنیا بھر میں 3 دسمبر کو معذوروں کا دن منایا جاتا ہے مگر ہمیں عملی طور پر سال بھر معذور افراد سے یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں، ان افراد نے دنیا کے ہر شعبے میں اپنا لوہا منوایا اور اپنی صلاحیتوں سے یہ ثابت کر دیا کہ اگر ان کے ساتھ تعاون کیا جائے تو یہ عام لوگوں کی طرح نہ صرف اپنی زندگی گزار سکتے ہیں بلکہ ملک وقوم کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں انہوں نے حکومت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے حکومت کو چاہئے کہ ملک بھر میں درست سروے کروا کر معذور افراد کی اصل تعداد اور انکے عوارض کی نوعیت معلوم کر کے ان افراد کو معاشرے کا مفید رکن بنانے کیلئے علاج کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے اور معذور افراد کی مشکلات اور انکے معاشی، قانونی اور سماجی حقوق کے حوالے سے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے مہم کا آغاز کرے۔ رانا محمد سعید نے کہا کہ سرکاری محکموں، سیاسی جماعتوں، سول سوسائٹیز اور کاروباری حلقوں کو معذوروں کے لیے مزید آسانیوں کے امکانات فراہم کرنے ہوں گے، ان افراد کو مزید خوشحال بنانے کیلئے ہم سب کو مل جل کر کام کرنا ہوگا، 3 دسمبر کا دن منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم رنگ، نسل اور ذات سے بالاتر ہو کر یہ عہد کریں کہ معذور افراد کی بحالی میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے لیکن ہماری بدقسمتی ہے کہ پاکستان میں ان افراد کو سوسائٹی پر بوجھ سمجھا جاتا ہے اور ان کیلئے مناسب سہولیات فراہم نہیں کی جاتیں۔ معذوروں کیلئے قائم کیے گئے سرکاری ادارے انتہائی ناکافی ہیں جبکہ سرکاری اور پرائیویٹ اداروں میں ان کے نوکری کے کوٹے پر بھی عمل نہیں کیا جاتا۔ سب سے زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ معذوروں کو تضحیک کا نشانہ بنایا جاتا ہے اور مختلف بیماریوں کے سبب انہیں مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ معذور افراد کو خصوصی افراد کہا جاتا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ہماری خصوصی توجہ اور شفقت کے طالب ہوتے ہیں۔ میرے معاشرے کے ہر طبقے سے بالعموم اور حکومت سے بالخصوص گزارش ہے کہ معذور افراد کو خصوصی اہمیت دی جائے اور ان کی مشکلات کو دور کرنے میں انہیں ہر ممکن حد تک مدد فراہم کی جائے تا کہ وہ بھی ایک کارآمد زندگی گزار سکیں رانا محمد سعید نے کہا ہے کہ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ہم انہیں بہتر زندگی گزارنے کے لئے ہر طرح سے ایک اچھے ماحول اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں تا کہ وہ معاشرے کے کارآمد شہری ثابت ہوسکیں خصوصی افراد کو معاشرے میں مساوی حقوق دیئے جائیں اور اُن سے کسی قسم کا امتیازی سلوک روا نہ رکھا جائے۔

راولپنڈی، ریسٹورینٹس کیٹررز سویٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن کے تاجروں کے وفد کی جانب سے میچز کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی

گزشتہ روز محمد فاروق چوہدری صدر راولپنڈی ریسٹورنٹس کیٹرز سویٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن کی سربراہی میں فوڈ سٹریٹ کے تاجران نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر حسان طارق سے اہم ملاقات کی

راولپنڈی () ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر حسان طارق نے راولپنڈی ریسٹورینٹس کیٹررز سوئٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن کے زیر قیادت آنے والے تاجروں کے وفد کی جانب سے میچز کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائے جانے پر فوڈ اسٹریٹ کو کھولنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ گزشتہ روز محمد فاروق چوہدری صدر راولپنڈی ریسٹورنٹس کیٹرز سوئٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن کی سربراہی میں فوڈ سٹریٹ کے تاجران نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر حسان طارق سے اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر چیئرمین ایسوسی ایشن ممتاز احمد، نائب صدر ندیم عالم کیانی، حبیب اللہ زاہد، چوہدری قمر عثمان، حاجی پاشا خان اور معظم الحق سمیت دیگر نے خصوصی شرکت کی۔ صدر محمد فاروق چوہدری اور چیئرمین ممتاز احمد نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر حسان طارق کو فوڈ اسٹریٹ کے تاجروں کے تحفظات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ انٹرنیشنل میچز کے دوران ہم انتظامیہ اور سیکورٹی ایجنسیز کیساتھ مکمل تعاون کرتے ہیں، تاہم ڈومیسٹک میچز کے دوران فوڈ اسٹریٹ کو بند رکھنا سراسر ناانصافی ہے، فوڈ اسٹریٹ بند ہونے سے تاجروں اور ان کے سٹاف کا روزگار شدید متاثر ہوتا ہے، اس پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر حسان طارق نے کہا کہ تاجر برادری کے مسائل حل کرنے کو تیار ہیں، لیکن میچز کے دوران قواعد وضوابط کی پاسداری پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جا سکتا۔ فوڈ اسٹریٹ ڈبل روڈ کے تاجروں کو اداروں کی جانب سے دیئے گئے ٹائم فریم کی مکمل پابندی کرنا ہوگی۔ سیکورٹی اداروں کیساتھ مکمل تعاون کرنا ہوگا۔ دکان بند کرتے وقت گیس سلنڈر کو باہر نکال کر رکھنا ہوگا۔ فوڈ اسٹریٹ میں آنے والوں کو پارکنگ کی اجازت صرف گیٹ نمبر 2 پر دی جائے ہوگی۔ چوہدری قمر عثمان فوکل پرسن ہوں گے، جن کی ذمہ داری ہوگی کہ پولیس اور سیکورٹی ایجنسیز کیساتھ مل کر تمام دکانوں کو چیکنگ کے بعد اپنے سامنے بند کروائیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ فوڈ اسٹریٹ کے تاجروں کو پولیس کو ایفیڈیوٹ دینا ہوگا جس میں درج ذیل چیزوں کی پاسداری کرنا شامل ہوگا۔ اس پر فوڈ اسٹریٹ کی تاجر برادری نے متفقہ طور پر شرائط پر عملدرآمد کرنے کی مکمل یقین دہانی کروائی اور ان کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

خواتین کے وراثتی حقوق کے تحفظ کی صورتحال تحصیل فتح جنگ میں بہتر ہوئی ھے، عائشہ ملک

۔کسی بھی حق دار کو وراثت سے محروم کرنا ناممکن ھے۔ اس کا تمام تر کریڈٹ تحصیل دار فتح جنگ چوھدری شفقت محمود کو جاتا ھے

اسلام آباد (نامہ نگار) سماجی تنظیم دی واچ پاکستان کی چیئرپرسن عائشہ ملک نے کہا ھے کہ خواتین کے وراثتی حقوق کے تحفظ کی صورتحال تحصیل فتح جنگ میں بہتر ہوئی ھے۔ کسی بھی حق دار کو وراثت سے محروم کرنا ناممکن ھے۔ اس کا تمام تر کریڈٹ تحصیل دار فتح جنگ چوھدری شفقت محمود کو جاتا ھے۔ فتح جنگ میں گزشتہ 2 سال کے دوران وراثت کے سیکڑوں انتقال درج ہوئے ایک بھی شکایت سامنے نھی آئی جس میں کسی جائز وارث کو محروم کیا گیا ھو۔ انتقال وراثت کا پروسس فتح جنگ میں مثالی۔ شفاف اور میرٹ پر مشتمل ھے اس طریقہ کار کو پنجاب کے دیگر شہروں میں نافذ کرنے کی ضرورت ھے۔ انھوں نے کہا فتح جنگ بھی پنجاب کی ان علاقوں میں شامل ھے جہاں صدیوں سے خواتین کا استحصال جاری ھے یہاں اکثریت کا رواج یہ ھے کہ بہن اور بیٹی کے گھر سے پانی نھی پیتے مگر ان کا جائیداد میں حق ایسے کھاتے ھیں جیسے لوگ رمضان میں پکوڑے مزے لیکر کھاتے ھیں۔ بھت مدت بعد ایسا ھی رہا۔ تاھم گزشتہ دو سال سے تحصیل فتح جنگ میں خواتین کے وراثت کے حقوق انھیں اسانی کے ساتھ مل رہے ھیں تقریبا دو سال سے فتح جنگ میں چوھدری شفقت محمود بطور تحصیلدار کام کر رھے ھیں اپنی تعیناتی کے دوران وہ 1ھزار کے لگ بھگ وراثت کے انتقال منظور کر چکے ھیں حیرت انگیز بات یہ ھے ان کے منظور شدہ کسی بھی انتقال کے خلاف اپیل دائر نھی ہوئی اس کی ایک وجہ یہ ھے تحصیلدار فتح جنگ کاغزات کی مکمل جانچ پڑتال کرتے ھیں اس کے بعد کسی انتقال کی منظوری دی جاتی ھے کسی پٹواری۔ قانون گو سمیت کسی میں ھمت نھی کہ وہ ان کے نام پر پیسے پکڑے اور غیر قانونی انتقال وراثت منظور کروا سکے۔ اگر ایک خاندان کی مکمل کھیپ ریونیو سسٹم کا حصہ ھے جبکہ ماضی میں بھت سارے واقعات رونما ہو چکے ھیں بھت ساری خواتین کو جائیداد سے محروم کیا گیا مگر اب ایسا دو سال سے ناممکن ھے اس کا تمام تر کریڈٹ چوھدری شفقت محمود کو جاتا ھے فتح جنگ میں زمینوں کے ریٹ اسمان سے باتیں کرتے ھیں اور کسی کا بھی دل نھی کرتا جائیداد میں بہن اور بیٹی کو حق دے تو گویا شیر کے جبڑوں میں ھاتھ ڈال کر تحصیلدار فتح جنگ لوگوں کو حق دلانے میں اپنا سرگرام کردار ادا کر رھے ھیں یہ ایک ریونیو افیسر کی مثال ھے اگر اس کو رول ماڈل بنا کر دیگر علاقوں میں افسران عمل کریں تو پاکستان کا امیج دنیا میں بھت اچھا ھو سکتا ھے

مظفر گڑھ، تھانہ روہیلانوالی ڈکیتی کی واردات سے 25 لاکھ روپے ریکور کرنا پولیس کو مہنگا پڑنے لگا

ملزمان الزام تراشیاں کر رہے ہیں انصاف فراہم کیا جائے متاثرہ شفقت فدا کی دہائی

مظفرگڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر آئیڈیل پاکستان نازک حسین خان غزلانی) تھانہ روہیلانوالی ڈکیتی کی واردات سے 25 لاکھ روپے ریکور کرنا پولیس کو مہنگا پڑنے لگا ملزمان الزام تراشیاں کر رہے ہیں انصاف فراہم کیا جائے متاثرہ شفقت فدا کی دہائی تفصیل کے مطابق تھانہ روہیلانوالی کی حدود میں گزشتہ کچھ ماہ قبل لاکھوں روپے کی ڈکیتی کی واردات ہوئی جس کا مقدمہ نمبر 398/24 بجرم 380/411 درج ہوا جس میں مدعی مقدمہ کی نشاندہی پر پولیس نے تفتیش کا دائرہ کار وسیع کیا جس سے پولیس تھانہ روہیلانوالی ڈکیتی ٹریس ہونے میں کامیاب ہوئی مدعی مقدمہ کی نشاندہی پر ملوث کئے گئے ملزمان نے اعتراف جرم کرتے ہوئے ڈکیتی کی گئی رقم پچیس لاکھ روپے بطور ریکوری ادا کیا جس سے اتنا بڑی واردات ٹریس کرنے پر شہریوں نے اس وقت کے ایس ایچ او حسنین رضا کو پھولوں کے ہار پہنا کر اظہار مسرت کیا پولیس تھانہ روہیلانوالی والی بعد از سپرداری برآمد کی گئی رقم پچیس لاکھ روپے مدعی مقدمہ کے حوالے کیا بعد ازاں مقدمہ میرٹ پر یکسو ہونے اور ملزمان چلان ہونے پر کچھ ملزمان نے واویلہ شروع کر دیا ہے کہ بیگناہ مقدمہ ملوث کر کے ریکوری کی گئی ہے اس موقع پر مدعی مقدمہ شفقت فدا نے کہا کہ میری ڈکیتی میں ملوث، ملزمان ڈکیتوں نے ڈکیتی تسلیم کر کے بعد ازاں سیاسی ڈیرے پر بھی پنچایت ہوئی جس میں تسلیم کر کے خود ریکوری دیا قانونی طور مقدمہ یکسو کرنے پر بپھر گئے ہیں جنھنیں ڈکیتی کی واردات کو طرح طرح کے سیکنڈل کا نام دیکر اُلٹا مدعی مقدمہ اور پولیس کیخلاف منفی پروپیگنڈے کرنے لگے ہیں سابق ایس ایچ او تھانہ روہیلانوالی حسنین رضا سمیت دیگر ملازمین پر طرح طرح کی الزام تراشی ہونے لگی ہے مدعی مقدمہ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان نے سیاسی ڈیرہ پر پنچایت میں جرم تسلیم کر کے ریکوری دیا اب گھناؤنی سازش کی جا رہی آئی جی پنجاب آر پی او ڈیرہ غازی خان، ڈی پی او مظفرگڑھ نوٹس لیکر انصاف فراہم کریں

خیر پور، سالانہ سہہ روزہ مجالس عزا بسلسلہ شہادت سیدہ بی بی فاطمہ الزہرا

خیر پور (نمائندہ) سالانہ سہہ روزہ مجالس عزا بسلسلہ شہادت جگر گوشہ رسول زوجہ حیدر کرار حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا۔ والدہ حسنین کریمین حضرت سیدہ بی بی فاطمہ الزہرا سلام علیہ۔ بمقام امام بارگاہ شہزادہ علی اصغر پر یکم جمادی الثانی سے تین جمادی الثانی تک روزانہ شب 7:30 پر منعقد ہوگئی جس سے پہلے روز مولانا اختر حسین کاظم دوسرے روز مولانا ارشاد حسین شاہ نقوی تیسرے روز سید ذاکر حسین شاہ خطاب فرمائیں گے جبکہ محمد رضا شاہ سید حسین زیدی باقر علی شاہ زوار امجد علی سمیت دیگر سوز خوانی کریں گے خادمین فرش عزا و سجادہ نشیں درگاہ سید خیر شاہ گروڑی شریف لقمان سید حب دار حسین شاہ نے مجالس میں شرکت کی استدعا کی ہے

کاہنہ کی 150 سالہ قدیمی تاریخی حیثیت ہے، افتخار نتھی

صوا آصل (نامہ نگار) بانی جنرل سیکرٹری کاہنہ تحصیل بناؤ تحریک افتخار نتھی نے صحافیوں کو بتایا ہے کاہنہ کی 150 سو سالہ قدیمی تاریخی حیثیت ہے گزشتہ 15 سالوں 2013 سے لے کر اج تک وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا انتخابی حلقہ ہے

پاکستان گرل گائیڈز ایسوسی ایشن کا صنفی تشدد کے خلاف سرگرمیوں کا انعقاد

سرگرمیوں کا مقصد خواتین کے خلاف تشدد کو ختم کرنے کیلئے شعور بیدار کرنا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان گرل گائیڈز ایسوسی ایشن نے صنفی تشدد کے خلاف 16 دن کے حوالے سے سرگرمیوں کا انعقاد کیا۔ یہ سرگرمیاں صنفی تشدد کے خلاف 16 دن کی عالمی مہم جو 25 نومبر سے 10 دسمبر تک جاری رہتی ہیکا حصہ تھیں جس کا مقصد خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کو ختم کرنے کے لئے شعور بیدار کرنا اور عملی اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ سیشن کے دوران، گائیڈز نے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ سرگرمیوں میں تشدد کی اقسام کو پہچاننا، لڑکیوں اور خواتین کے حقوق کی تفہیم اور جائزہ لینا شامل تھا۔ گائیڈز نے ان سرگرمیوں کے ذریعے اپنے ذہن میں موجود کئی سوالات کے جوابات پائے۔ محترمہ فہمیدہ خان جینڈر اینڈ ڈویلپمنٹ سپیشلسٹ یونیسیف پاکستان نے گائیڈز کے ساتھ بات چیت کی اور ان کی صنف پر مبنی تشدد اور ہراسیت، موجودہ قوانین وضوابط، رپورٹنگ کے طریقہ کار، سپورٹ سروسز اور روک تھام کی حکمت عملیوں کے بارے میں تفہیم کو بڑھایا۔ انھوں نے شرکاء کو تشدد کی علامات کو پہچاننے، احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے طریقے سیکھنے اور محفوظ کمیونٹیز کو یقینی بنانے کے لیسوچ اور نظام میں تبدیلی لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ سیشن کا اختتام پر شرکاء نے اپنے ہاتھوں کو رنگوں میں ڈبویا اور ایک بینر پر لگا کر صنفی تشدد کیخلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا۔

حاصلپور، ڈپٹی کمشنر بہاولپور ڈاکٹر فرحان فاروق کی ہدایت پر اشیاء خورونوش کی قیمتوں کی انسپکشن جاری

گراں فروشی پر کوئی رعایت نہیں ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر حاصلپور رانا محمد احمد خان

حاصلپور (بیورو چیف سعید احمد بلوچ) ڈپٹی کمشنر بہاولپور ڈاکٹر فرحان فاروق کی ہدایت پر اشیاء خورونوش کی قیمتوں کی انسپکشن جاری ہے گراں فروشی پر کوئی رعایت نہیں ہوگی اسسٹنٹ کمشنر حاصلپور رانا محمد احمد خان نے شہر بھر کی متعدد دکانوں کا معائنہ کیا اور دکانوں پر اشیاء خورونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا، انہوں نے متعدد تندورز، بیکریز، کریانہ اور گیس دکانوں کا بھی معائنہ کیا تندورز پر سستی روٹی و نان سمیت دیگر غذائی اشیاء کی قیمتوں، معیار، وزن اور معیاد کو چیک کیا گیس دکانوں پر حفاظتی اقدامات، گیس کی قیمتوں اور غیر قانونی ری فلنگ کا جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر حاصلپور رانا محمد احمد خان نے کہا کہ گراں فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے گیس دکانداروں کو کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام حفاظتی اقدامات مکمل رکھنے کی ہدایت بھی کی۔

راولپنڈی کینٹ میں معروف بیکری کو رسید جاری نہ کرنے پر سر بمہر کر دیا گیا، پانچ لاکھ روپے جرمانہ

راولپنڈی کینٹ کے علاقہ عابد مجید روڈ اور سکیم تھری میں کاروائی کی گئی

راولپنڈی (چوہدری گلزار) چیف کمشنر ریجنل ٹیکس راولپنڈی تہمینہ عامر کی ہدایت پر شہر کے مختلف تجارتی مراکز میں پی او ایس رسیدیں جاری نہ کرنے والوں کے خلاف کاروائی کے دوران راولپنڈی کینٹ کی معروف بیکری کو سر بمہر کر کے پانچ لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو ریجنل ٹیکس ریونیو کے اسٹنٹ کمشنر محمد حمزہ نزیر اور اسٹنٹ ڈائریکٹر اکبرا خان نے اپنی ٹیموں کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں چھاپہ مار کاروائی کی اور چیف کمشنر تہمینہ عامر کی ہدایت پر پی او ایس رسیدیں جاری نہ کرنے پر ہارلے سٹریٹ میں واقع بیکری کو سر بمہر کر کے پانچ لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا۔ اس حوالے سے اسٹنٹ کمشنر محمد حمزہ نزیر نے اے پی پی کو بتایا ہے کہ راولپنڈی کینٹ کے علاقہ عابد مجید روڈ اور سکیم تھری میں کاروائی کی گئی جس کے مقصد کاروباری مراکز میں ٹیکس کے نظام کو شفاف بنانا ہے انہوں نے بتایا کہ کسی بھی تجارتی مرکز میں صارفین کو اگر رسید جاری نہیں کی جاتی تو اس کی شکایت ''ٹیکس آسان ایپ'' کے ذریعے درج کروائی جا سکتی ہے۔

بجٹ اخراجات میں 21 فیصد اضافے کا تخمینہ ہے' ریونیو ایڈوائزرز

ترقی مستقل یا طویل المدت نہیں، گھنٹوں کے حساب سے اتار چڑھاؤ پر اطمینان نہیں کیا جا سکتا

لاہور (این این آئی) چیئرمین ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن عامر قدیر نے کہا ہے جب تک پاکستان قرضوں جیسے وسائل پر انحصار کم نہیں کرے گا مشکلات برقرار رہیں گی، رواں مالی سال کے بجٹ کے اخراجات میں 21 فیصد اضافے کا تخمینہ ہے اور حیران کن طور پر یہ سب کچھ معیشت کی کمزوری کے باوجود ہو رہا ہے، کسان کی آمدن کم ہونے سے مستقبل میں فصلوں میں سرمایہ کاری (بقیہ نمبر 49)

پالیسی سازی میں یونیورسٹیز' ریسرچرز کا ان پٹ ناگزیر ہے' وزیر ہاؤسنگ

بڑھتی آبادی کے ساتھ ہاؤسنگ کی ضروریات کو بھی ہنگامی بنیادوں پر دیکھنا ہوگا، ریاض حسین پیرزادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا ہے کہ بڑھتی آبادی کے ساتھ ہاؤسنگ کی ضروریات کو بھی ہنگامی بنیادوں پر دیکھنا ہوگا، پالیسی سازی میں یونیورسٹیز اور ریسرچرز کا ان پٹ ناگزیر ہے۔ بدھ کو نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (نمل) میں رئیل اسٹیٹ کے موضوع پر کانفرنس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ نمل مبارکباد کا مستحق ہے کہ پہلی بار اس موضوع پر ایسی کانفرنس کا انعقاد کیا، ہاؤسنگ کی ضروریات کو ہنگامی بنیادوں پر دیکھنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ان ممالک کے ماڈلز کی پیروی کرنا ہوگی

خواتین کیخلاف گھریلو تشدد پنجاب میں ایک سنگین مسئلہ ہے' ثمن رائے

مہم خواتین کیخلاف تشدد کے خاتمے کے عالمی دن سے لیکر انسانی حقوق کے دن تک جاری رہے گی

لاہور (این این آئی) پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام اور یو این ڈی پی کے تعاون سے ''سرگرمی کے 16 دن 2024'' پالیسی، کمیونٹی ایکشن اور ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے پر ایک پینل ڈسکشن اور آگاہی واک کا انعقاد الحمرا ہال میں ہوا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین کے خلاف گھریلو تشدد پنجاب میں ایک سنگین مسئلہ ہے اور حکومت بیداری بڑھانے اور متاثرین کو مدد فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف 16 دن کی سرگرمی ایک عالمی مہم ہے جسے اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (UNDP) نے خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے شروع کیا ہے۔ یہ مہم خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے عالمی دن سے لے کر انسانی حقوق کے دن تک جاری رہے گی

لاہور، وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر مزنگ ہسپتال میں شوگر کیمپ کے افتتاح کے بعد مریضوں سے ٹیسٹ اور ادویات کے حوالے سے دریافت کر رہے ہیں

ٹیکسوں کی بڑھتی شرح کاروباری حلقوں پر شدید ظلم ہے' فدا حسین

مہنگائی کی بھرمار، بحران زدہ حالات سے اس وقت ملک میں جاری صورتحال پریشان کن ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے چیئرمین حاجی فدا حسین نے کہا ہے ٹیکسوں کی ہر روز بڑھتی شرح کاروباری حلقوں پر شدید ظلم ہے۔ مہنگائی کی بھرمار اور بحران زدہ حالات سے اس وقت ملک میں جاری صورتحال پریشان کن ہے۔ ملکی معیشت اور کاروباری امور ٹیکسوں کے ہیوی ویٹ سے شدید متاثر ہیں۔ پاکستان کی ترقی بزنس کمیونٹی کو ریلیف دینے سے ہی شرمندہ تعبیر ہو سکتی ہے۔ بزنس کمیونٹی کو ریلیف دیا جائے ٹیکسوں میں سبسڈیز دی جائیں۔ کاروباری حلقے ملکی حالات کی بہتری کیلئے مثبت (بقیہ نمبر 56)

پیر محل میں معذور افراد کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام

معذور افراد کو ویل چیئر واکرز، بیساکھی، ٹرائی سائیکل اور دیگر گفٹ سے نوازا گیا

لاہور (پ ر) ملک بھر کی طرح پیر محل میں بھی سوشل ویلفیئر سوسائٹی 319 پیر محل کے زیر اہتمام معذور افراد کے عالمی دن کے حوالے سے معذور افراد کے اعزاز میں شہر کے ایک نجی ہوٹل میں تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں 200 سے زائد معذور افراد شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ منعقدہ تقریب میں سول سوسائٹی کے افراد اور چوہدری زاہد حسین گجر وائس چیئرمین خدمت خلق ویلفیئر سوسائٹی پیر محل اور سابقہ امیدوار پنجاب اسمبلی پاکستان مرکزی مسلم لیگ PP124 ریاض الرحمٰن ساگر سمیت معززین کی کثیر تعداد نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں آنے والے معذور افراد کو لیڈیز مردانہ (بقیہ نمبر 57)

لاہور، وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بجلی نقصانات میں گزشتہ سال کے مقابلے رواں برس 100 ارب سے زائد کا اضافہ

کراچی (این این آئی) شدید مشکلات کے شکار پاور سیکٹر کے مسائل کم نہ ہو سکے، آئی ایم ایف کے سخت شرائط کے باوجود حکومت بجلی کے لاسز کو کم کرنے میں ناکام ہے جبکہ فروخت کی گئی بجلی کے وصولیاں بھی کم ہونے لگی ہیں۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق مالی سال 2024-25 کے دوران بجلی کے لاسز میں مزید اضافہ ہوا ہے، بجلی کے لاسز 18 فیصد پر پہنچ گئے ہیں جس سے 274 ارب روپے کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ مالی سال 2023-24 کے مقابلے رواں سال نقصانات میں سو ارب روپے سے زائد کا اضافہ ہوا ہے، مالی سال 24 (بقیہ نمبر 36)

تھانے کچہری میں کسی کیساتھ زیادتی نہیں ہونے دینگے' مرکزی مسلم لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام مرکزی سیکرٹریٹ میں شعبہ تعلقات عامہ کے تنظیمی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ تعلقات عامہ پاکستان کے صدر اجمل خان چانڈیہ نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ خدمت کی سیاست کا علم بلند کیا ہے تھانے کچہری کی سیاست میں کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہونے دینگے۔ لوگوں کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

تھانہ جوہر ٹاؤن کی حدود میں ڈاکو معمر خاتون سے نقدی لے اُڑے

لاہور (این این آئی) تھانہ جوہر ٹاؤن کی حدود میں معمر خاتون سے ڈکیتی کی واردات پیش آئی، ڈاکو اسلحے کے زور پر خاتون سے نقدی لے اڑے، واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آ گئی۔ فوٹیج میں دو ڈاکوں کو خاتون سے واردات کرتے دیکھا جا سکتا ہے، ڈاکو اسلحہ کے زور پر رکشے میں بیٹھی خاتون سے پرس چھینتے ہیں، خاتون کے مزاحمت کرنے پر ڈاکو اسلحہ تان لیتے ہیں۔ واقعہ کا مقدمہ متاثرہ خاتون کے بیٹے طارق کی مدعیت میں درج کر لیا گیا

پنجاب میں رائیٹ مینجمنٹ پولیس متعارف کروانے کا فیصلہ

رائیٹ مینجمنٹ ٹیم کے تحت 15 یونٹس کام کریں گے' پولیس ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پرتشدد احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات پر قابو پانے کے لیے رائیٹ مینجمنٹ پولیس متعارف کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق رائیٹ مینجمنٹ ٹیم کے نام سے آپریٹ کرنے والی فورس 200 رائیٹ افسروں پر مشتمل ہوگی۔ ٹیم (بقیہ نمبر 34)

پنجاب میں سموگ' سرکاری و نجی گاڑیوں کی جانچ پڑتال کا فیصلہ

تمام وزارتوں' محکموں کو 30 جنوری تک گاڑیوں کا معائنہ کرانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اینٹی اسموگ پلان کے تحت سرکاری اور نجی تمام گاڑیوں کی جانچ پڑتال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں پنجاب بھر میں تمام گاڑیوں کے لیے فٹنس سرٹیفکیٹ لازمی قرار دے دیا گیا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا (بقیہ نمبر 35)

لاہور، وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کانووکیشن میں بطور مہمان خصوصی چیئرمین سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

سپیڈی ٹرائل عدالتوں کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے' بیرسٹر امجد ملک

اوورسیز پاکستانیوں کی تحصیل کی سطح پر نمائندگی کو یقینی بنایا جائیگا' وائس چیئرپرسن او پی سی پنجاب

لاہور (این این آئی) وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک کی زیر صدارت اوورسیز پاکستانیوں کی شکایت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وائس چیئرپرسن نے اجلاس کے دوران پرائم منسٹر سے ہونیوالی ملاقات کے بارے میں اگاہ کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ وزیر اعظم نے کہا کہ تمام تارکین وطن ہمارا اثاثہ ہیں۔ اوورسیز کی دادرسی کے لئے اوورسیز پاکستانیز کمیشن کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔ سمندر پار پاکستانیوں کی شکایت کے ازالے کیلئے ہماری کاوشوں کے نتائج بہت جلد آنا شروع ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کک اوورسیز کی شکایات کے جلد ازالے کیلئے مخصوص سپیڈی ٹرائل عدالتوں کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے ون ونڈو آپریشن جیسے اقدام ناگزیر ہیں۔ ایف آئی آر (بقیہ نمبر 37)

لاہور، وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز اور مریم کی دستک کے مابین اشتراک کا معاہدہ

پنجاب میں قائم 6 بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز سے اب تک مختلف کاروباری سرگرمیوں کیلئے 25 ہزار این او سی جاری ہو چکے ہیں

وزراء، سرکاری افسران، اہلکاران ذمہ داری سے کام کریں تو آئی ایم ایف سے جان چھوٹ سکتی ہے' چوہدری شافع حسین

لاہور (این این آئی) محکمہ صنعت و تجارت کے زیر اہتمام بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام کا ایک سال مکمل ہونے پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ الفلاح بلڈنگ مال روڈ پر منعقدہ تقریب میں صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین مہمان خصوصی تھے۔ اس موقع پر چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرن، ترکیہ کے قائم مقام قونصل جنرل علی علباش، جی ایم فلیٹیز ہوٹل نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ سیکرٹری صنعت و تجارت ڈاکٹر احسان بھٹہ، (بقیہ نمبر 50)

پاکستان کو 21 لاکھ سے زیادہ گھروں کی کمی کا سامنا' اکیڈیموز کی تحقیق

کراچی (این این آئی) پاکستان میں گھروں کی ضرورت کے حوالے سے اکیڈیموز کی تحقیق سامنے آ گئی، جس کے مطابق پاکستان کو 21 لاکھ سے زیادہ گھروں کی کمی کا سامنا ہے۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ 3 کروڑ 83 لاکھ سے زیادہ افراد کو گھروں کی ضرورت ہے، جبکہ شہروں میں 25 لاکھ 20 ہزار سے زیادہ افراد گھروں کی تلاش میں ہیں، 1 کروڑ 30 لاکھ گھروں میں گنجائش سے زیادہ افراد رہتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق 1 کروڑ (بقیہ نمبر 52)

ٹڈاپ نے آٹو میکانیکا استنبول 2025 نمائش میں شرکت کا اعلان کر دیا

کراچی (این این آئی) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) آٹو سیکٹر میں زیر استعمال پرزہ جات کی مقبول ترین نمائش "آٹو میکانیکا استنبول 2025" میں شرکت کرے گی۔ یہ نمائش 12 جون سے 15 جون، 2025 تک ترکی کے شہر استنبول میں ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق دنیا کی معروف تجارتی نمائش برانڈ آٹو میکانیکا کا واحد ایونٹ ترکی میں آٹو میکانیکا استنبول 12 سے 15 جون 2025 تک استنبول کے ٹی یو وائی اے پی فیئر اینڈ کانگریس سینٹر میں منعقد ہوگا۔ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) (بقیہ نمبر 53)

ٹرانسجینڈر پروٹیکشن سینٹر کے زیر اہتمام ٹرانسجینڈر ڈے آف ریمیمبرنس کی تقریب

اسلام آباد (این این آئی) وزارت انسانی حقوق کی پارلیمانی سیکرٹری صبا صادق نے ''ٹرانسجینڈر ڈے آف ریمیمبرنس'' کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ٹرانسجینڈر کمیونٹی کو درپیش چیلنجز اور صنفی تشدد کے خاتمے پر زور دیا۔ انہوں نے 2018 کے ''ٹرانسجینڈر پرسنز پروٹیکشن ایکٹ'' اور حکومتی اقدامات جیسے قانونی تحفظ، ہیلپ لائنز، اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر روشنی ڈالی، جو ٹرانسجینڈر افراد کے حقوق کو یقینی بناتے ہیں۔

لیسکو' مزید 489 بجلی چور گرفتار' 1 کروڑ سے زائد کے ڈیٹیکشن بل جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور 24 گھنٹوں کے دوران مزید 489 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ ترجمان لیسکو کے مطابق 175 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرا کے 45 گرفتار کرا دیئے گئے۔ پکڑے جانے والے کنکشنز میں 15 کمرشل، 5 زرعی اور 469 ڈومیسٹک تھے جنہیں منقطع کر کے ان کو 3 لاکھ 23 ہزار 463 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کیے گئے

انسداد دہشتگردی عدالت نے صحافی سمیع ابراہیم کی ضمانت خارج کر دی

سماعت میں ملزم سمیع ابراہیم اور وکیل پیش نہیں ہوئے، عدم پیروی پر عدالت نے فیصلہ سنا دیا

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے صحافی سمیع ابراہیم کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ لیاقت باغ 28 ستمبر اور 4 اکتوبر ہنگامہ آرائی کیس میں عدالت نے عدم پیروی کی بنیاد پر صحافی سمیع ابراہیم کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ کیس سے متعلق آج ہونے والی سماعت میں سمیع ابراہیم پیش نہیں ہوئے نہ ہی ان کا وکیل حاضر ہوا۔ بعد ازاں انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی (بقیہ نمبر 51)

لاہور، پاکستان کے پانچ روزہ دورہ پر آئے یونیسکو کے مانیٹرنگ مشن کے ارکان شالیمار باغ کا دورہ کر رہے ہیں

نومبر میں صحت، ملبوسات، جوتوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوا

صحت کے انڈیکس میں ماہانہ 2.4 فیصد، سالانہ 13.1 فیصد اضافہ ہو

لاہور (این این آئی) گزشتہ ماہ نومبر میں ملبوسات اور جوتوں کے سب انڈیکس میں ماہانہ 3.1 فیصد جبکہ سالانہ اضافہ 15.6 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق جوتوں کی قیمتوں میں ایک ماہ میں 13 فیصد اور سالانہ 32 فیصد اضافہ ہوا ہے، خواتین کے سینڈلز کی قیمتوں میں سالانہ 75 فیصد کا حیران کن اضافہ ہوا ہے۔ ایک اور نمایاں اضافہ صحت کے اخراجات میں ہے۔ صحت کے (بقیہ نمبر 54)

معراج النساء فری ڈسپنسری کے زیر اہتمام فری میڈیکل کا اہتمام

جب تک زندگی ہے خدمت کا مشن جاری رکھوں گا' سربراہ معراج النساء عبدالقیوم رانا

لاہور (سٹی رپورٹر) معراج النساء فری ڈسپنسری کے زیر اہتمام فری میڈیکل کا اہتمام کیا گیا جس میں مریضوں کا مفت علاج اور ادویات دی گئیں۔ نظام بلاک میں واقعہ فری ڈسپنسری میں ماہانہ بنیادوں پر مستحق مریضوں کیلئے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جاتا ہے جس میں مریضوں کو چیک اپ کے بعد فری میڈیسن بھی دی جاتی ہیں۔ میڈیکل کیمپ کے موقع پر معراج النساء کے (بقیہ نمبر 55)

لاہور، وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351